۳۔ کیا شری اشوک کمار کول اور سابقہ ممبر جواہر لال رازدان کو ذمہ تک واپس کر دی جائے کہ نہیں۔ کیونکہ سبھا کا سامان کی کسٹڈی نہیں ہے۔ اور اسطرح ذمہ دار کے استعمال سے سبھا کو مالی نقصان کا خطرہ لاحق رہتا ہے اور رہا ہے۔

عام سوسائٹی کے ۲۱ فروری کو سرو شری اشوک کمار کول اور شری جواہر لال رازدان سے شری پیران ناتھ مشتو جنرل سیکریٹری نے حساب کرکے ان دونوں کے ذمہ 750 روپے نقدی سے زائد نکلا ہے۔ جبکہ 150 روپے کی اور رسیدیں جو جواہر لال جی نے جاری کردی ہیں بھی اسکے بقایا نکلتی ہیں۔ اسکے علاوہ جیسا کہ اُس نے بیان کیا ہے دوکانداروں سے کرایہ حاصل کرتا ہے جسکے لئے رسیدیں جاری نہیں کی ہیں۔ اور پھر اسکے علاوہ شری اشوک کمار کول کے ذمہ حاصل کردہ کرایہ املاک ومرمت (جو ۲۱ فروری کے بعد اُسنے وصول کرلیے ہیں) بھی اُسکے بقایا ہیں۔ کُل ملاکر 1500 روپے سے کافی زیادہ بقایا نکلے گا۔ ہوسکتا ہے کہ اسکے بعد بھی ان دونوں نے بغیر اصولی طور پر اور روپے اکٹھا کرلئے ہوں اور جن کا صرف شری ہیرا لال سے لیکا جا رہا ہو۔

۵۔ شری چاند کرشن ترکی اور اوپ کول کے خلاف شری پیارے لال هندو سے مشورہ کرنے کے بارہ میں وچار۔

مذکورہ صدر ایجنڈے کی تمام مدوں کو بیک آورز ملتوی کرنے کی تحریک پاس کر دی گئی اور طے پایا کہ مد نمبر ۸ پر اگلی میٹنگ میں آخر میں اور باقی مدوں کو وچار کیا جائے۔ وشال ہندو سمیلن کے تکمیل پذیر ہونے کے بعد جو دن ایگزیکٹو کی میٹنگ کے لئے مقرر ہوگا میں غور کرکے حتمی فیصلہ کیا جائیگا۔

اسکے بعد عظیم الشان ہندو اجتماع یعنی وشال ہندو سمیلن کی کامیابی کے بارہ میں پروگرام ترتیب دینے اور اسکو حتمی شکل بخشنے کے لئے وچار ومرش کیا گیا۔ کیونکہ یہ تمام ہندو جاتی کا ایک عظیم کاز ہے اور اسکو ناکام کیشر کی پنڈت سبھا کے نصب العین میں شامل ہیں۔

٭ نمبر ۱۔ سب سے پہلے کیشمری پنڈت سبھا کے پریزیڈنٹ کی جانب سے ایک لوٹ یوٹ یعنی دو طرفہ اشتہار 17×22 کے سائز میں چھپوا کر جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ طے پایا کہ یہ پوسٹر خوشنما رنگین کاغذ پر چھپوایا جائے اور اسکی تعداد ایک ہزار سے کم نہ ہو۔ میٹنگ میں مشترکہ طور پر اس بات کا فیصلہ کیا گیا کہ یہ اشتہار ایک طرف اُردو میں اور دوسری طرف ہندی میں چھپوایا جائے گا۔ جسکو دیواروں پر خاص خاص جگہوں پر چسپاں کیا جائیگا اور ہندو عوام میں بالعموم اور کیشمری پنڈت برادری میں بالخصوص تقسیم کیا جائیگا۔ چنانچہ طے پایا کہ اس اشتہار کی دیکھ کر کاپیوں کو اسطرح عوام تک پہونچایا جائے۔

بذریعہ تقسیم دعاوات = 400 کاپیاں

برائے اطلاع عام = 200 "

۱۔ برائے تقسیم بھگوتی نگر۔ مہندر نگر۔ اشوک نگر۔ چاند نگر۔ کرشن نگر وملحقہ علاقہ جات = 100 کاپیاں بذریعہ شری رادھا کرشن جیو

۲۔ سبھا شو نگر وملحقہ علاقہ جات = 50 کاپیاں بذریعہ شری السیکہ رازدان

۳۔ شری او این جوتشی بذریعہ موتی لال مشو = 50 کاپیاں برائے تلو تالاب

۴۔ ملحقہ نگر پریم نگر گرم نگر سروال پیو پلاٹ۔ 75 بذریعہ اوم کار ناتھ در

۵۔ پیوڑہ = 25 سی زیل درانی

۶۔ 25 کاپیاں جو لالکا جلہ بذریعہ درشن پنڈت و پھر گنگا تالاب

۷۔ 25 کاپیاں گاندھی نگر بذریعہ جانکی ناتھ رینہ

۸۔ جانی پورہ – 25 بذریعہ پی زی مشتو

سلسل لیست [illegible]

* میٹنگ میں طے پایا کہ اشتہار کا مکمل انتظام موتی لال جی نانا کو سپرد کیا جائے۔ چنانچہ ہاؤس نے اس اشتہار کے چھپوانے کے لئے 250/- روپے تک خرچ کرنے کا اختیار دیدیا۔ موتی لال جی نانا نے موقعہ پر کہدیا کہ جسقدر رقم خرچ ہوگی وہ بہ انتہائی کفایت شعاری سے خرچ کروں گا اور وہ منظور شدہ رقم سے کم ہی ہوگی نہ کہ زیادہ۔

اسکے بعد موقعہ پر ہی اشتہار ترتیب دے دیا گیا۔ اردو اور ہندی میں اس پوسٹر کے مضمون کی منظوری دیدی گئی اور اس اشتہار کا مضمون اسطرح ہے:-

विराट हिन्दू सम्मेलन

जम्मू कश्मीर की हिन्दू जनता विशेष कर कश्मीरी पंडित जाति से 13-14-और 15 मार्च को परेड ग्राउंड जम्मू में हो रहे विराट हिन्दू सम्मेलन में भाग लेने की अपील की जाती है। इस विराट सम्मेलन में देश के कई मुख्य अतिथि और कई मतों को मानने वाले प्रमुख धर्म आचार्य भाग ले रहे हैं। इन तीन दिनों की बड़ी महानता है और यह विराट सम्मेलन दूसरे कई सम्मेलनों से प्रमुख होगा।

भगवान ही जानता है कि भविष्य में ऐसा कोई सम्मेलन आयोजित होगा कि नहीं, इस लिये इस हिन्दू सम्मेलन को सफल करने के लिये कश्मीरी पंडित जाति से निवेदन किया जाता है कि वो सम्मेलन में अवश्य भाग लें

यह कोई छुपाने वाली बात नहीं- यह सम्मेलन हमारे अस्तित्व को मज़बूत बनाने का एक फौलादी साधन है

पंडित जाति से आशा की जाती है कि वह इस सम्मेलन को पूरी तरह सफल बनाने के लिए तन मन और धन से सहयोग करेंगे और नीचे दिये हुए प्रोग्राम में भाग लेंगे।

13 मार्च विशाल जलूस 12 बजे दोपहर उद्घाटन भाषण 3½ बजे
14 " संस्कृत सम्मेलन 9 बजे प्रातः महिला सम्मेलन 2 बजे सतसंग 8 बजे रात
15 " हिन्दू रक्षा सम्मेलन 9 बजे प्रातः समारोह 2 बजे दिन

जगननाथ भट प्रधान क० प० सभा

عظیم الشان ہندو اجتماع

جموں و کشمیر کی ہندو جنتا کو عموماً اور کشمیری پنڈت جاتی کو خصوصاً عظیم الشان ہندو اجتماع (ہندو سمیلن) جو ۱۳، ۱۴ اور ۱۵ مارچ ۱۹۸۰ء کو پریڈ گراؤنڈ جموں میں منعقد ہونے جا رہا ہے میں شمولیت کرنے کی دعوت دی جاتی ہے۔ اس عظیم الشان اجتماع میں ملک کی نامور ہستیاں اور مختلف عقیدوں کو ماننے والے مقتدر رہنما شرکت فرما رہے ہیں۔ ان تین دنوں کی عظمت دیگر دنوں سے بہت اونچی ہے اور یہ اجتماع دیگر اجتماعوں سے ممتاز اور افضل ہوگا۔

خدا ہی بہتر جانتا ہے کہ مستقبل قریب و بعید میں ایسا سمیلن کبھی منعقد ہوگا کہ نہیں۔ لہذا اس لئے اس ہندو اجتماع کو کامیاب کرنے کے لئے کشمیری پنڈت برادری کے سبھی ارکان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اس سمیلن میں شرکت کر کے اسکو چار چاند لگا دیں۔

یہ کوئی پس پردہ رکھنے والی بات نہیں ہے کہ یہ اجتماع ہمارے وجود کو مستحکم بنانے کا ایک آہنی سادھن ہوگا اور اسلئے بھی شرکت کرنا ضروری بن جاتا ہے۔ برادری سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس اجتماع کو کامیاب ترین بنانے کے لئے حسب المقدور تن من اور دھن سے امداد کرینگے اور مندرجہ ذیل پروگرام میں شرکت کرنے میں پیش پیش رہیں گے۔

۱۳ دوپہر ۱۲ بجے جلوس ۳½ بجے افتتاحی تقریر [illegible] مشاعرہ
۱۴ ۹ بجے سنسکرت سمیلن دوپہر ۲ بجے مہلا سمیلن رات ۸ بجے ست سنگ [illegible]
۱۵ ۹ بجے ہندو رکشا سمیلن دوپہر ۲ بجے کھلا اجلاس [illegible]

المشتہر
جگن ناتھ بھٹ صدر [illegible] کشمیری پنڈت سبھا

* دوسرا جز برو شالی جلوس کے لئے سواگتی پروگرام زیر بحث لایا گیا۔ اسمیں بہت سے ممبران نے حصہ لیا۔ چنانچہ فیصلہ کیا گیا کہ ایک سواگتی مہراب بنوائی جائے جو بسنتی رنگ کی ہو اور جسپر ہندی میں स्वागतम - काश्मीरी पंडित सभा अम्बफला जम्मू پینٹ سے لکھوایا جائے اور اگر پینٹر کے پاس ٹائم نہ ہو تو سنہری بورڈر کو ٹانکے کے ذریعے اسکے لئے استعمال کیا جائے۔

چنانچہ طے پایا کہ اس کام کی تکمیل سروشری پیارے ناتھ منتو اور چمن لال ہروائی ذمہ داری سنبھال لیں گے۔ یہ بھی طے پایا کہ ڈیوڑی بہترین صورت میں ترتیب دلوائی جائے۔ دوران گفتگو ہربانا تھ جان نے کہا کہ گذشتہ جنم اشٹمی کے دوسرے روز ہم نے ایک بینر Banner مندر میں بندھوایا تھا

* لیکن وہ شرپسندوں کی رکیک حرکت کی وجہ سے اسٹور میں مندر پڑا ہے کیونکہ انہوں نے سبھا کے نام کے اوپر اپنا ہی قانونی تالا چڑھا دیا ہے ہمیں چاہئیے کہ ہم اسی دم ان سبھی شرپسندوں کے خلاف ملامت کی تحریک پاس کر دیں۔ چنانچہ ملامت کی تحریک ایک آواز پاس کر دی گئی۔

* تیسرا جز بر فیصلہ کیا گیا کہ شنکراچاریہ جی مہاراج وغیرہ کی آرتی اُتاری جائے گی۔ یہ بھی طے پایا کہ کم سے کم 20 مالائیں خوشنما پھولوں کی تیار کروائی جائیں۔ جو $12\frac{3}{4}$ کی شام کو بن کر آ جانی چاہئیں۔ چنانچہ اسکی ذمہ داری شری جے لال رینہ کو سونپ دی گئی۔ جنہوں نے کہا کہ میں میرا لال صاحب سے پھول مالاؤں کا انتظام کروں گا۔

* اسکے بعد سروسمتی سے طے پایا کہ نوید اور دوسری ضروری سامگری متعلقہ آرتی کا انتظام اس طرح کیا جائے گا۔

رتن دیپ پیتل
چامر مور چھل (انگچگاہ)
پاتر برائے دھوپ
} شری موتی لال ملو کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ وقتی طور پر ان چیزوں کا انتظام کریں۔

تھال - دو عدد
پھول کوٹے ہوئے ½ کلو

دیگر اشیاء - گھی - ½ پاؤ
دھوپ ایک آٹھ درہیانہ
کافور - ایک پاکٹ

نوید: کشمش ایک پاؤ
گری بادام ایک پاؤ
نبات ایک پاؤ
} خرید از بازار

ٹی پائے اور کرسی - بذمہ شری گردھاری لال ہیوپیلی

* اسکے بعد آرتی اُتارنے کے بارہ میں مزید غور ہوا۔ ممبران نے چاہا کہ آرتی صدر سبھا پنڈت جگن ناتھ بٹ خود اپنے دستِ مبارک سے اُتاریں گے۔ لیکن صدر سبھا نے فرمایا۔ کہ میں کسی قیمت پر آرتی اُتارنے کے لائق نہیں۔ البتہ یہ اختیار میں کسی اور کو آپ لوگوں میں سے سونپ دوں گا۔ کیونکہ میں اپنے آپ کو اس قابل نہیں سمجھتا کہ عظیم گورجنوں کی آرتی اُتاروں۔ آپ کا یہ کہنا ہی تھا کہ سارے ہاوس میں کچھ دیر کے لئے کہرام مچ گیا اور ممبران نے اپنے زبردست غصہ کا اظہار فرمایا۔ اسلئے کہ وہ صدر سبھا کے اس بیان کو یا تو کچھ نہ پائے تھے یا اسکو انکار سے تعبیر کر رہے تھے۔ حالانکہ بات یہ تھی کہ صدر سبھا کا منشا تھا کہ وہ اپنے آپ کو مہان ہستیوں کی آرتی اُتارنے کے اس عظیم کارنامہ کو سرانجام دینے کے لئے کچھ نہیں غرضیکہ وہ اپنے آپ کو ہیچ اور ہیچ بیان کر رہے۔ اگر گہرائی کے ساتھ صدر سبھا کے منشا پر غور کیا جائے تو بات ظاہر ہو جاتی کہ یہ ان کی بلندی ہے جو وہ اپنے آپ کو دوسروں کے مقابلہ میں کمتر ظاہر کرتے ہیں۔ حالانکہ وہ دوسروں کے مقابلہ میں بہت ہی عمدہ اسلوب کے مالک ہیں۔ وہ یقیناً یہ بھی چاہتے ہوئے نظر آ رہے تھے کہ ممبران میں سے کوئی اور شخص اس صلاحیت کا کھل کر سامنے آئے اور آرتی اُتارنے کی ذمہ داری قبول کرے۔ لیکن ایسا کیا اور کیونکر ممکن تھا۔ ممبران کے مکرر اصرار پر صدر سبھا پنڈت جگن ناتھ بٹ نے ارشاد فرمایا کہ چلئے اگر آپ لوگ چاہتے ہیں کہ آرتی مجھ سے ہی اُتاری جائے تو میں آپ لوگوں کے اس عظیم احساس کی قدر کرتا ہوں۔ اور یہ ذمہ داری قبول کرنے سے باز نہیں رہوں گا۔

اس موقع پر ممبران نے کافی دیر تک زور زور سے تالیاں بجائیں اور اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

مسلسل۔

ممبران نے صدر سبھا پنڈت جگن ناتھ بٹ بھان کی قیادت پر اپنے مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔

* اسکے بعد شری گردھاری لعل رینہ بلزم نکٹر(؟) شری راج ناتھ بھان اور شری رادھا کرشن تکو نے تجویز پیش کی کہ فوٹوگراف کا انتظام کیا جائے تاکہ مناسب وقت پر یادگار رکھنے کے طور پر جلوس کے فوٹو لئے جا سکیں۔ چنانچہ اس سلسلہ میں طے پایا کہ شری راج ناتھ بھان فوٹوگرافی کا انتظام کریں گے اور اس کا خرچہ جس قدر بھی ہوگا سبھا برداشت کرے گی۔

اسی دوران یہ بھی کہتے سنا گیا کہ سرو شری جواہر لعل رازدان - اشوک کمر - انوپ کول اور چاند کرشن تکو کے مذموم کارناموں کے خلاف 12 مارچ 1981ء یا اسکے بعد سبھا ایگزیکٹو کی میٹنگ میں غور کر کے حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ اور اس میٹنگ میں ایگزیکٹو کے بہی خواہ ممبران کے علاوہ اسپیشل طور پر برادری کے دو ایک معزز ارکان کو شامل میٹنگ ہونے کی اپیل کی جائے گی تاکہ اُن سے بھی اس سلسلہ میں مشورہ کیا جا سکے۔ چنانچہ شری لکشمن لعل رینہ نے سرو شری [illegible] جیا لال [illegible] اور پنڈت نیلہ کنٹھ کول سکر کے نام تجویز کئے۔ لیکن فیصلہ اگلی میٹنگ تک ملتوی کیا گیا۔

* میٹنگ کے اختتام سے پہلے سرو سمتی سے یہ تجویز پاس کر دی گئی کہ مدت عرصہ میں جو باتیں شری جواہر لعل اور شری اشوک کمار کے بارہ میں حساب کتاب سے متعلق درج کی گئی ہیں وہ سنگین ہونے کی وجہ سے اہم ہیں اور ضروری اقدام کی مستحق ہیں۔ چنانچہ طے پایا کہ 15 فروری 1981ء تک جو بھی حساب کتاب شری اشوک کمار کول اور سابقہ ممبر شری جواہر لعل رازدان کا بذریعہ شری پیارے لال جنرل سیکریٹری اور بدری ناتھ ... منیجر اسسٹنٹ و منتظم سبھا کو موصول ہوا ہے کو مرکزی کیش بک میں درج کر لیا جائے لیکن اُس کی چھان بین پہلے کی جانی چاہئے۔ اُس کے بعد کا جو بھی خرچہ اُن دو اشخاص کی جانب سے کیا گیا ہوگا وہ سبھا کو قابل قبول تب تک نہ ہوگا جب تک ایگزیکٹو ہر ایک واؤچر پر اپنی رائے دیکر منظور کرنے کی سفارش نہ کرے گی۔ کیونکہ یہ ہم جان چکے ہیں کہ وہ اپنی مرضی سے اور بغیر اختیار حاصل کئے ہوئے برادری کے خون کو پانی سمجھ کر سرمایہ کو بے دردی سے لٹا رہے ہیں جس کا کوئی جواز نہیں۔

* میٹنگ میں طے پایا کہ کوئی ڈبل بک مرتب نہ کی جائے۔ تمام خرچہ اور آمدن مرکزی کیش بک میں درج کئے جائیں۔

صدر سبھا نے امید ظاہر کی کہ متذکرہ صدر فیصلہ پر متعلقین کاربند رہیں گے۔

اسکے بعد صدر میٹنگ نے فرمایا کہ آج کی میٹنگ ایک اہم نوعیت کی تھی۔ اسلئے سردست ہندو سمیلن کو کامیاب بنانے کے لئے ہر ایک ممبر کو ہر پہلو سے اقدام کرنا چاہئے۔ اور دیگر باتیں اگلی میٹنگ میں زیر غور لائی جانی چاہئیں۔

آخر میں طے پایا کہ اگلی میٹنگ شری موتی لال منشی کے دولتکدہ واقع حبہ کدل میں منعقد کی جائے گی۔ اور اسکے لئے 11 مارچ 1981ء کی تاریخ مقرر کی گئی۔ میٹنگ کا ٹائم شام کے 6 بجے مقرر ہوا۔

(دستخط)
کاتب جنرل سیکریٹری
6/3/81

Jagannath

کشمیری پنڈت سبھا جموں

ایگزیکٹو میٹنگ

حسبِ فیصلہ کشمیری پنڈت سبھا جموں کی ایگزیکٹو کی میٹنگ آج شری موتی لال ہنڈو ممبر ایگزیکٹو سکنہ [illegible] کے دولتکدے پر منعقد کی جا رہی ہے۔ شمولیت کرنے والے اصحاب اپنی حاضری کا اپنے دستخط ثبت کرنے سے ظاہر کریں تاکہ کارروائی شروع کی جائے۔

[signature]
صدر مجلس

[signature]
ناظم مجلس

हस्ताक्षर دستخط

1. [signature]
2. M.L. Raina
3. [signature]
4. [signature]
5. [signature]
6. [signature]
7. [signature]
8. [signature]
9. [signature]
10. [signature]
11. J.N. Razdan
12. [signature]
13. [signature]
14. درشن پنڈت
15. [signature]
16. [signature]
17. [signature]
18. Prithvi nath Mirakhur
19. [signature]
20.
21.
22.
23.
24.

آج کی میٹنگ میں ہمیں جیشٹھ ہوم و مہا سمیلن سے متعلق انتظامات کے بارہ میں تفصیلی جائزہ لینا ہے۔
اگر وقت کم رہا تو دوسرے مسائل متعلقہ سبھا پر بھی غور و خوض کیا جائے گا۔

* اسطرح حسب سے پہلے ہوم و سمیلن کے انتظامات کے بارہ میں تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اور پروگرام کو اسطرح از سرِ نو حتمی شکل دیدی گئی۔

الف) شری موتی لال ہنڈو 20 پھول مالائیں لمبے سائز کی منوا لیں گے اور ایک خوبصورت گلدستہ ترتیب دلوائیں گے جو گوروجنوں کو بھینٹ کی جائیں گی۔ حالانکہ یہ ذمہ داری پہلے شری پران ناتھ مشتو پر ڈالی گئی تھی۔

ب) آرتی سے متعلق سامان بھی حسبِ فیصلہ شری ہنڈو ہی انتظام کریں گے۔ اور یہ سامان 9½ بجے شری چونی لال مٹو کی دوکان پر پہنچ جانی چاہئیں کیونکہ اسی جگہ کو ڈیوڑھی کھڑا کرنے کے لئے چنا گیا تھا۔

ج) فوٹوگرافی کا انتظام بدستور شری برج ناتھ [illegible] کریں گے۔

(مسلسل)

سے آرتی سے متعلق دوسرا سامان یعنی اگربتی دھوپ بتی روئی اور تیل کا انتظام ہری ناتھ بھان کے سپرد کر دیا گیا
اور اس بات کی منظوری دی گئی کہ اس سامان پر جو بھی خرچہ ہوگا وہ سبھا کی آمدن سے ہوگا۔

شری ہیران ناتھ شنٹو نے رپورٹ پیش کی کہ مہراب ڈیوٹی (تالہ؟) کے لئے سامان خرید لیا ہے،
اور پینٹر کے حوالہ کر دیا گیا ہے۔ بن جانے کے بعد ۱۲ مارچ کو رسّی کو سلوائی جائے گی۔ اور اسکے لئے بازار سے
رسّی خرید کی جائے گی۔

* اسکے بعد کئی ممبران نے صدر میٹنگ کی حامی کے ساتھ کہا کہ گورو شنکر اچاریہ جی مہاراج اور دیگروں کی آرتی اتارنے کے لئے
کشمیری پنڈت سبھا کے دیگر کئی ممبران اپنی جگہ جو جلوس میں مخصوص ہوتی ہے سے سرک کر آرتی اتارنے والی جگہ
پر پہنچ جاتے ہیں۔ نیز آرتی اتارنے سے متعلق ہری ناتھ بھان شری پریم ساگر منتظم اعلیٰ اور شری امر ناتھ ٹکو
سے ملاقات کریں گے اور ان کو جلوس کے دوران آرتی اتارے جانے کے بارہ میں مطلع کریں گے۔

* میٹنگ میں منعقد کیا گیا کہ سبھی ارکان اپنے اپنے علاقوں میں رہنے والے کشمیری پنڈت برادری کے ارکان کو جلوس میں شامل
ہونے کی ترغیب دیں گے جبکہ شری اوم کار ناتھ در لکشمی نگر اور ملحقہ علاقوں میں رہنے والے پنڈت بھائیوں
کو جلوس میں شامل ہونے کے لئے تیار کریں گے۔

اس دوران صدر میٹنگ پنڈت شعلہ ناتھ بٹ نے فرمایا کہ سنتوں سادھوؤں اور دھارمک ہستیوں
کا درشن تیرتھ کرنے سے کم نہیں ہوتا لہٰذا اسکی طرف پوری طرح دھیان دینا چاہئے۔ دیا ہوگا۔

مندرجہ بالا باتوں پر یک رائے ہونے کے بعد کئی مسائل جو ماضی سے متعلق تھے اور جو سبھا کی اہمیت سے براہ راست
یا بالواسطہ یا بلاواسطہ تعلق رکھتے تھے پر زور دار لفظوں میں ردّ و قدح ہوا۔ شری گردھاری لعل مرزا شری موتی لال ٹکو
شری راجا ناتھ بھان، شری موتی لال منٹو، شری پی این ٹکو، شری ہیران ناتھ شنٹو اور شری لادھا کرشن ٹکو اور شری
جیا لعل رینہ نے کئی مسائل کو بیک وقت اٹھتے دیکھ کر یہ رائے پیش کی کہ دوسری باتوں کی جانب ہندو سمیلن
کے اختتام کے بعد کارروائی کرنے کے لئے غور و خوض کرنا بہتر ہوگا چنانچہ فیصلہ کیا گیا کہ سمیلن کے خوش و خرم ماحول میں
ختم ہونے کے بعد مذکور کردہ آئندہ ایگزیکٹو میٹنگ میں غور کیا جائے گا۔

اسی دوران اپنے غبار کو نکالنے کے لئے شری اوتار کرشن ٹکو نے بیان فرمایا "کہ انوپ کول نے مجھ سے ملاقات کی
کہ۔ جیسے چائے کی پیالی سے تواضع کی ہے۔ اس نے اور دیگر دوستوں نے کہا کہ سورہ رشمی کے روز سبھا والے لطف
شکوہ نودو گیارہ ہوئے۔ پنڈت سبھا ہماری سوکرہ تھی۔ شکر ہے کہ شری انوپ کول پر تو بات گیا کہ سبھا
والے ان کے بغیر کوئی اور ہیں" ورنہ وہ اپنے آپ کو دو عالم کے شہنشاہ سے کم کچھ نہیں سمجھا۔ اہلیت
قابلیت اور لیاقت دیکھئے تو شرم کا پہلو نکلتا ہے اسکے لئے طور پر اگر روشنی ڈال دی جائے تو چار پیر
اسکی تعلیم پر رونا ہی باقی رہے گا۔ "یہ میرے اپنے وچار ہیں۔ ترس کھاتے ہیں ہم اسکی بیوقوفی اور جہالت پر
لیکن وہ ہماری شرافت کو ہماری کمزوری سے تعبیر کرتا ہے۔ اسکا اندازہ اندازہ ہی رہ کر جاتا ہے۔"
حالانکہ اسکو علم ہو کر بھی علم نہیں ہوتا۔ ان پڑھ اور جاہل اس جیسے پڑھے لکھے کو غیر قانونی حرکت کرنے کا

نشانہ بناتے ہیں اور یہ ناسمجھ اُن دوسرے شر پسندوں کا آلۂ کار بن کر اپنے مستقبل کو مخدوش بنا دیتے ہیں۔

شری رادھا کرشن تیکو کے سوورہ اشٹمی پر حاضر نہ آنے کے بعد شر پسندوں کی باتوں پر چلتے تھوڑے ہی وقفہ کے لئے سہی، اعتبار کرنا کم از کم میرے چہرے پر کالک پوتنے کے برابر ہے۔ جبکہ میں کوئی مجرم نہ تھا۔ اب چونکہ شری تیکو کے دل میں وسوسہ بھی موجود تھا اور کسی قدر دل برداشتہ بھی ہوئے تھے یہاں تک کہ وہ سبھا کے سوورہ اشٹمی کے طرزِ عمل جو صرف یکطرفہ جانکاری کا صلہ تھا سے بھی کسی قدر پریشان نظر آ رہے تھے۔

لہٰذا اُن کے شکوک کو دور کرنے کے لئے صدر سبھا پنڈت جگن ناتھ بٹ نے سوورہ اشٹمی کے روز رونما ہوئے تمام واقعات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ جس کا لب لباب تھا کہ سبھا ہمیشہ امن پسندی کی قائل رہی ہے اور اسی امن پسندی نے ہوتے ہوتے جھگڑے کو نہ ہونے دیا۔ کیونکہ دن متبرک بھی تھا اور عظیم تہوار کے مترادف بھی۔ لیکن رشتے کے بعد سبھا سے چلے جانا دانشمندانہ قدم تھا ورنہ احتمال تھا کہ جنگ و جدل کا بازار گرم ہو جاتا۔ وہ اتو پکول اینڈ کمپنی امن عامہ کے محافظ پولیس والوں کو پہلے ہی سبھا سے ہٹانے کے لئے لگے تھے۔ اُن شر پسندوں کے تیور بالکل بدلے ہوئے نظر آتے تھے۔ پوجا کے دوران وہ تماکو نوشی اور خرمستیوں میں محو تھے یہاں تک کہ وہ لاؤڈ اسپیکر کے چلانے سے قوالی اور پاٹھ کو سیدل پہ یاس و غم کرنے کے درپے ہوگئے تھے۔ لیکن داد دیجئے اپنے ساتھیوں کی سبھا کے بہی خواہ مردوں اور عورتوں کی کہ جنہوں نے اپنے صبر کا پیمانہ لبریز ہو کر بھی چھلکنے نہ دیا۔ چونکہ ہم سبھی لوگ بوندا باندی کے کارن اور ویسے بھی صبح آنے تک تین چار گھنٹوں کے لئے حسبِ معمول کیرتن کرنے کے لئے سبھا کے ہال میں داخل ہونے ہی والے تھے۔ لیکن وہاں پر ان تمام شر پسندوں کو کہ جنکی تعداد ۱۲ کے قریب تھی لوٹ پوٹ ہوتے اور اونگھتے رینگتے دیکھکر اپنے وقار کو بچاتے ہوئے دیوتی ماتا سے اجازت لیکر اپنے گھروں کی طرف روانہ ہوئے۔ اور یہی چارہ ہمارے لئے باقی رہ گیا تھا۔ نہ جھگڑا ہوا۔ نہ خون خرابہ ہوا نہ وقار کو ٹھیس پہنچی نہ کسی کی عزت ہی خراب ہوئی۔ باہر جو کچھ اِن شر پسندوں نے کیا وہ ہم ایک سے زیادہ بار اس نوٹ بک میں درج کرنے کے حق میں نہیں۔

ہماری عقل کو آس ہے کہ پنڈت رادھا کرشن تیکو ہمارے ساتھ متفق ہوں گے۔ میں ایک ادنیٰ آدمی کی حیثیت رکھتے ہوئے بھی ایک ادنیٰ آدمی کی طرح مشتعل ہوتا ہوں۔ غصہ کرتا ہوں۔ شرارت پر اتر آتا ہوں جب بھی کوئی بیہودگی دیکھنے یا سننے کو ملی۔ لیکن میں بھی لڑائی جھگڑا کا حامی نہیں اسی طرح میرے دوست ہر جان بزرگ اور محترم ساتھی بھی۔ یہی ہماری اصلیت ہے اور یہی ہماری حقیقت بھی۔ ورنہ کون نہیں کہہ سکتا "مرنے مارنے کی جے" یہ فقرہ اس وقت شر پسندوں کا من بھاتا ہے اور ہم نے اس فقرہ کو متروک سمجھ کر پھینک دیا ہے۔ لیکن ــــ لڑنے سے پہلے دشمن کو۔ پیش کوئی سوغات نہ کرنا۔ اور اگر اس سے تسلی نہیں ہوتی تو اس خیال کو لبیک کہہ دیجئے۔ دوستی کے لبادہ میں یہ دشمنی۔ دشمنوں سے کہو دشمنی کچھ نہیں۔

* اسکے بعد فیصلہ لیا گیا کہ ایگزیکیٹو میں جو بھی بڑا یا چھوٹا فیصلہ کیا جائیگا اُس پر سختی سے کاربند ہونا ہر ممبر کا دھرم ہوگا۔

مسلسل۔

* اور آخر میں ہاؤس کو مطلع کیا گیا کہ شری پی این کول کو ایڈووکیٹ کے ذریعے نوٹس جاری کر دیا گیا ہے۔ اور اسکی نام نہاد فہرست کے خلاف بھی عنقریب ہی کارروائی رو بہ عمل لائی جائے گی۔ نیز جن دوسرے لوگوں کے خلاف انکی مجرمانہ حرکتوں پر قانونی کارروائی کرنا ہوگی اسکا فیصلہ اگلی میٹنگ میں کیا جائے گا۔

* یہ طے پایا کہ اگلی میٹنگ مورخہ ۱۶ مارچ ۱۹۸۱ء کو شری رادھا کرشن تکو سکنہ ہمگوٹہ نگر جموں کے دولت کدے پر شام کے ۶ بجے منعقد ہوگی چاہے ۱۲ مارچ کو عدالت میں چل رہے مقدمہ پر کچھ بھی فیصلہ کیوں نہ ہو۔

[signature]
11.3.81
ناظم

Jaganath
17/3/81

کشمیری پنڈت سبھا امپھلا [illegible] جموں 17-3-81 (30)

حسب پروگرام آج کشمیری پنڈت سبھا کی ایگزیکٹیو کی غیر معمولی میٹنگ ایگزیکٹیو کے رکن پنڈت رادھا کرشن ٹکو سکنہ بھگوتی نگر کے دولتکدے پر ہو رہی ہے۔ اسلئے درخواست ہے کہ سبھی حاضرین اپنے دستخط ثبت فرمائیں۔ آج کی میٹنگ کی صدارت صدر سبھا پنڈت جگن ناتھ بٹ فرما رہے ہیں۔ آج کی میٹنگ میں خصوصی طور پر ایڈوکیٹ بار پنڈت [illegible] کول بھگوتی نگر [illegible] کو دعوت دی جا رہی ہے۔ توقع ہے کہ وہ شمولیت ضرور فرمائینگے۔

(B. N. Bhan)
Convenor

Attendance حاضری
دستخط [illegible]

(1) [signature] 17/3/81
(2) [signature] Shusha
(3) [signature]
(4) [signature]
(5) [signature] (C. L. Hallen)
(6) R N Bhan
(7) Chuni Lal [signature]
(8) [signature]
(9) [signature]
(10) [signature]
(11) M L Raina
(12) [signature]
(13) [signature]
(14) [signature]
(15) [signature]
(16) [signature]
(17) Jagar Nath [signature]
(18) [signature]
(19) PSK [signature]
(20) Reshmi Nath Mirakhur
(21)
(22)
(23)

آج کی میٹنگ کا ایجنڈا حسب ذیل ہے:

(1) سبھا کو برادری کے حوالہ کرنے پر وچار (2) سروشری جواہر لال رازدان اور اشوک کمار ٹکو کے خلاف کاروائی کرنے پر غور (3) برادری کو تمام حالات سے آگاہ کرنے کے لئے اقدامات کرنے پر غور۔ (4) مقدمہ کی پیروی اور پریم ناتھ کول کے خلاف برادری کو گمراہ کرنے کے لئے مزید قانونی کاروائی کرنے پر غور۔ (5) دیگر امور بہ اجازت صدر

[signature]
Chairman

[signature]
Convenor

Extraordinary Meeting

روئیداد میٹنگ منعقدہ 17 مارچ 1981ء

زیر صدارت پنڈت جگن ناتھ بٹ و نظامت ہری ناتھ بھان

* سب سے پہلے صدر میٹنگ سے اجازت لیکر مورخہ 11 مارچ 1981ء کو منعقد کی گئی میٹنگ کی تفصیلی رپورٹ پیش کی گئی اور جس کی تصدیق صدر میٹنگ امروزہ سے کرائی گئی۔

* اسکے بعد صدر میٹنگ سے اجازت لیکر میں نے 19/3/80 سے 17/3/81 کے ایک سال کی رپورٹ بعنوان "سالانہ رپورٹ ایک نظر میں" پیش کی۔ یہ تفصیلی اور اہم واقعات سے بھرپور رپورٹ اردو میں لکھی گئی تھی۔ یہ رپورٹ 226 سطور میں پھیلی ہوئی کوئی چھ ہزار الفاظ پر مشتمل تھی۔ اس دستاویزی رپورٹ کو حاضرین نے بے حد پسند کیا اور ساتھ ہی افسوس کا اظہار بھی کیا کیونکہ اس رپورٹ میں برادری کے کچھ دشمنوں کی دشمنانہ حرکتیں درج کی گئی ہیں جسکے کارن سبھا اور برادری کو بہت بہت نقصان سے دوچار ہونا پڑا ہے اور پڑ رہا ہے۔

* ازاں بعد مقرر کردہ ایجنڈا پر مد وار غور و خوض اور فیصلے کئے گئے۔

1۔ سبھا کو برادری کے حوالہ کرنے پر وچار — اس سلسلہ میں ہر ایک ممبر سے اپنی اپنی رائے پیش کرنے کی درخواست کی گئی۔

شری موتی لال منٹو نے اپنی رائے دیتے ہوئے کہا "کہ سبھا کو [illegible] میں رکھ کر کسی کے حوالہ کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ آئین سبھا کے بموجب جو بھی سبھا کو سنبھالنے کے لئے منتخب ہوگا ہمیں کلیتاً عذر نہ ہوگا۔ ہم ہتھیار ڈالنے کے حق میں نہیں۔ ہم کسی بھی قیمت پر شرپسندوں کی غیر قانونی ٹولی میں شامل نہیں ہو سکتے۔ ہمیں برادری کے وقار اور سبھا کی عظمت کی حفاظت کرنا مقصود ہے۔"

شری ملکھن لعل رینہ نے اپنا مشورہ اس طرح دیا۔ "کشمیری پنڈت برادری نے نہایت سوچ سمجھ کر پنڈت جگن ناتھ بٹ کو پریذیڈنٹ منتخب کرکے ان کے کندھوں پر برادری کی خدمت کی اہم ذمہ داری ڈالی ہے۔ اور ہم پر بھی۔ اور پھر صدر سبھا نے سبھا کے کام کاج اور برادری کے مفاد کو ملحوظ خاطر لاکر ایک ٹیم کا انتخاب کرکے وہ ذمہ داری ہم پر ڈال دی۔ ہم یہ جانتے ہیں کہ ہم نے صحیح معنوں میں اپنے اندازے کے مطابق وہ ذمہ داری یا پوری طرح ~~نبھا نہیں~~ نبھا نہ سکے یا ہم ان کے کام کاج میں خاطر خواہ ڈھنگ سے ہاتھ نہ بٹا سکے۔ لہذا اگر سبھا کو قائم رکھنا ہے، اسکی خدمت کرنا برابر جاری رکھنا ہے۔ تو ہمیں اسکو گھر سمجھ کر سنبھالنا ہوگا اور گھر میں گھسے ہوئے چوروں کو ہر قیمت نکال باہر کرنا ہوگا۔ نہ کہ چوروں کے گھر میں داخل ہونے پر ایک دوسرے کے اوپر کیچڑ اچھالنا ہے اور آنسو بہانا ہے۔" اسکے بعد آپ نے کہا "شری ہیری ناتھ بھان کا عدالت میں مقدمہ کی پیروی کرنے کے لئے ہر تاریخ پر اکیلے جانا اور ان کا اخباروں کے ساتھ رابطہ رکھنا۔ میٹنگوں کا بلانا اور کارروائیاں ترتیب دینا بہت ہی بوجھ ہے ان کے کندھوں پر۔ شاید ہم لوگ اس بات کی اہمیت نہیں جانتے۔ اسلئے انکا ہمدرد و معاون ہونا ضروری بن جاتا ہے۔" ان تمام حالات کے پیش نظر میری رائے ہے کہ "سبھا کو اگر رکھنا ہے، برادری کی بدستور اگر سیوا کرنا ہے تو ہمیں اپنا گھر جلا کر یہ سب کام کرنا ہوگا۔ ہم سبھی کو ہر روز سوائے اتوار کے سبھا میں حاضر آنا ہوگا۔ بصورت دیگر یہ دشمنوں کے ہاتھوں میں کھلونا بن کر رہے گی۔"

شری موتی لال مٹو نے کہا کہ "میں شری مکھن لال رینہ کی رائے اور تجویز سے سو فیصدی متفق ہوں اور نہ پریزیڈنٹ صاحب نے سبھا کے کام کاج کو چلانے کے لئے ایک ٹیم کو چن لیا۔ کس نے کیا اور کس نے کہاں تک ساتھ دیا وہ سبھی کو معلوم ہے۔ موجودہ حالت کس طرح بنی ہے۔ اسکے پس پردہ کیا ہے۔ یہ سوچنا ضروری بن جاتا ہے۔ ہم نے دیکھنا ہے کہ آئین لاگو ہوتا ہے کہ نہیں۔ چناؤ آئندہ کے نو ماہ پر کونسل کے مطابق کرنا ہے یا آئین کے بموجب اسکے پاس ہونے کے بعد کرنا ہے۔ کونسل کے مطابق نو ماہ پر ~~آئین~~ ہی چناؤ ہونا چاہئے ورنہ سابقہ ~~آئین~~ چناؤ کے حساب سے آئندہ جون میں چناؤ کرنا ہوگا۔ آپ اپنا بیان جاری رکھ رہے تھے کہ درمیان میں بیشتر ممبران نے مٹو صاحب سے کہا "کہ آپ مطلب کی بات کہیں۔ ہاں یا نہ میں جواب دیں۔" اسکے جواب میں آپ نے کہا کہ سبھا کو بدستور چلانا حل مقدس ہے۔ نیز بہتر ہوگا کہ ہم برادری کو پمفلٹ کے ذریعہ تمام حالات سے فوری طور واقفیت کرائیں۔

شری راج ناتھ بھان نے کہا "کہ میں غنڈوں، شر پسندوں اور بدتمیزوں سے بدستور گالیاں نہیں کھا سکتا۔ آئین کو لاگو کرنا ہے کہ نہیں؟ اس سلسلہ میں برادری کو مطلع کرکے اُن کو حالات سے واقفیت کرا کر کوئی قدم اُٹھانا بہتر ہوگا۔ برادری کو سبھا کی چابیاں حوالہ کر دینی چاہئیں"۔ اسکے بعد آپ نے کہا کہ اکیلے بھان بیچارہ یعنی میں راج ناتھ بھان مر رہا ہے اور ہم لوگ اسکے ساتھ دوش بدوش کھڑے ہی چلتے ہیں۔ لہٰذا سبھی کو سوچنا ہوگا۔ یہ اس سلسلہ میں آخری میٹنگ ہوگی۔ ٹھوس فیصلہ کیا جانا ضروری ہے۔" آخیر میں آپ نے کہا "کہ سبھا کو نا محبوب اور برادری دشمنوں کے ہاتھوں میں ہرگز ہرگز نہیں دیا جا سکتا۔ اسکے لئے قربانی دینا ہوگی جو ہم سبھی کو دینا ہوگی"

شری سوم ناتھ در نے کہا کہ سبھا بدستور رکھنی ہے کہ نہیں اسکی وضاحت آپ نے کرتے ہوئے کہا کہ سبھا کو حسب دستور چلاتے رہنا ہے کہ نہیں یہ ایک مشکل ترین سوال ہے۔ رکھنے اور نہ رکھنے کا سوال کیونکر پیدا ہوتا ہے۔ سوچنا پڑے گا۔ ہمیں چاہئے کہ ہم حالات کو معمول پر لائیں۔ مکدر فضا کو صاف کریں۔ عارضی بحران سے خود بخود دور بھی ہو سکتا ہے۔ بعد میں اگر آئین سبھا کے قواعد اور ضوابط کے تحت سبھا کسی دوسری نمائندہ جماعت کے ہاتھ میں جاتی ہو جائے ہم وفاداری سے اُن کا بھی سواگت کریں گے بلکہ شانہ بشانہ کام کریں گے۔ آئین کو لاگو کرنا ہوگا اور بلا تاخیر لاگو کرنا ہوگا۔ عدالت نے بھی سبھا کو ہمارے ساتھ وابستہ رکھا ہے گو یہ عارضی حکم ہے۔ ہو بالآخر منصف صاحب نے انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے۔ ہمارا اُس حال میں سر خم ہوگا چاہے جو بھی فیصلہ ہو+

شری گردھاری لعل رینہ نے کہا پہلے جھگڑا ختم ہو جانا چاہئے۔ بعد میں سبھا کے بارہ میں ٹھوس کارروائی کرنا ہوگی۔

شری رادھا کرشن تکو نے کہا کہ موجودہ حالت میں کیا ہماری طاقت ہے دفتر میں داخل ہونے کی۔ سبھی سامان شر پسندوں کے ہاتھوں میں ہے۔ ہمارے پاس کیا ہے؟ اسکے جواب میں میں نے کہا "سوائے چابیوں کے ہمارے پاس کچھ نہیں" اسکے بعد تکو صاحب نے کہا کہ "برادری کی کچھ برگزیدہ ہستیوں کو کونسل بھیجیں۔ تمام حالات سے اُن کو آگاہ کریں اور بعد میں چابیاں اُن کے حوالہ کریں۔ لیکن تب تک سبھا کا کنٹرول بدستور اپنے ہاتھوں میں رکھنا ہوگا۔

شری سوم ناتھ ٹکو نے کہا کہ شر پسندوں اور مخالفوں سے بہر صورت چابیاں حاصل کرکے یعنی تالے کی چابیاں حاصل کرکے اپنا اثر از سر نو جمانا ضروری ہے۔ ویسے بھی ہمارا اثر زائل نہیں ہوا ہے۔ ہم اپنی حیثیت میں برادری کی امانت کے کسٹوڈین ہیں۔

شری ہری ناتھ ششو نے کہا "سبھا میں جانے کا پلان تو بنایا جا رہا ہے۔ لیکن جب تک وہاں پر کوئی پیش آتا ہے نہ آئے گا۔ کیونکہ میں پچھلے سال بھر سے دیکھ رہا ہوں۔ بھان صاحب ہیں اور سابقہ ممبر جواہر کے بغیر کوئی حاضری نہیں دیتا تھا اور اب میں سمجھتا ہوں کہ موجودہ غیر مطمئن ماحول میں ہم برادری کی خاطر خواہ خدمت نہیں کر سکتے"۔ لہٰذا نوراترہ کے دن بھی کو بلالیں۔ اُن کو حالات سے آگاہ کریں۔ اسی دن اُن کے حوالہ سبھا کی چابیاں کریں جب کو دستخط میں دینا چاہئیں۔ (دین)!!" اسکے بعد آپ نے کہا کہ کچھ برادری میں ذی عزت لوگ ڈانوا ڈول پالیسی کا سہارا لے رہے ہیں۔ لہٰذا ٹھوس قدم اُٹھانا ضروری ہے!

اسی دوران صدر سبھا پنڈت شمبھو ناتھ بٹ نے فرمایا "فوراً ٹرسٹ پر پبلک کے حوالہ سبھا کی چابیاں نہیں دی جا سکتی - اسکے لئے کوئی دور دفعہ مقرر کرنا ہوگا جو کسی صورت وقتی ہو۔"

شری گردھاری لال رینہ جنرل سیکریٹری نے کہا "ہم نے سبھا کمیٹی سے یا جو ٹرسٹ ہے - کا فیصلہ ... جو بھی جائیداد کے ذرائع ہیں ہم اسکا سروے کریں گے اور اسکے علاوہ موضوع سے باہر گفتگو کرنا بے مطلب ہوگا - سبھا کو رکھنا ہوگا کہ ہمیشہ کہ رائے سے فیصلہ کرنا ہوگا۔"

شری موہن لال ناتھ جی نائب صدر نے فرمایا "ہم حالات کو پوری طرح سمجھ پائے ہیں - بھان جی نے اپنی رپورٹ میں صداقت کے مطابق کام لیکر بہت ساری باتوں کی علمیت کرائی - انکی انتھک محنت قابل رشک ہے - اور ان کا گلہ حق بجانب ہے۔" اسکے بعد آپ نے کہا "30 سال سے ہم بدستور دیکھ رہے ہیں کہ کوئی تناوری کسی کروٹ کا رہا ہے۔ 10 سال سے تو برابر وعدوں پر وقت ٹالتے رہے ہیں - فوراً ٹرسٹ پر چابیاں انکی کو نہیں دی جا سکتی - دو ہی دو تین دنوں میں فیصلہ ہونا چاہئے۔ برادری کو حالات سے روشناس کرنے کے لئے زبردست محنت درکار ہوگی - علاقہ علاقہ اور گھر گھر میں پہنچنا ہوگا - ہماری پوزیشن ہے کہ ناؤ کو دھکا لگا رہے ہیں اور اسکو کنارے تک پہنچانا ہے - بہتر ہوگا کہ فوراً ٹرسٹ پر لوگوں کے سامنے شرپسندوں کی تمام شرپسندانہ اور جبریانہ حرکتوں کو طشت از بام کریں - اور میرے ذمہ جو بھی کام ڈال دیا جائے گا پورا کرنے کی کوشش کروں گا۔"

شری درشن پنڈت نے کہا "مجھے ایک بات کہنی ہے کہ یہی بادی ہماری واحد بادی ہے - کسی گھر میں 5 لڑکے ہیں - پانچوں اپنے اپنے کام پر چلے ہیں - ایک لڑکے نے چوری کی یا کوئی اور خطا سرزد کی - اسکو سنوارنا ہوگا اور گھر کو تباہی کے دامن پر لاکر انھیں کرنا ہوگا - جو مرتکب نے کئی غلطیاں کیں اسکو ہم ٹھیک کر سکتے ہیں - ہم اسکی جبریانہ حرکت کو سنبھال بھی سکتے ہیں اور کارروائی بھی کر سکتے ہیں۔" اسکے بعد آپ نے کہا "ہم کو باقاعدگی کے ساتھ سبھا پر پوجا پاٹھ کے لئے جانا ہوگا - اس سے ہم دیکھ سکتے ہیں کہ حالات کیا کروٹ لیں گے - سبھا میں بہرصورت جانا ہوگا اور سبھا عوام کا ہے کشمیری پنڈت برادری کا ہے ہم اسکے قائم رکھنے ہوئے محافظ ہیں اور اگر اس امانت کو دینا بھی ہوگا تو وہ بھی قانونی کردار کی انجام دہی کے بعد اسی برادری کو حوالہ کرنا ہوگی۔"

شری چمن لال ڈزلی نے اس ضمن میں کہا کہ سبھا ہر حال میں رکھنی ہے اسکو آگے لے جانا ہے - اسکا کام کرنا ہے، چاہے یہ عارضی نوعیت کی ہی پوزیشن میں ہو یا دوسری کچھ بات ہو - ہم سبھا کو بازار میں نہیں چھوڑ سکتے - نابلد اور نافہموں کے حوالہ اسکو ہرگز ہرگز نہیں کر سکتے۔

شری ناتھ جی بھان نے کہا "سبھا کو ہر طور برادری کے حوالہ کرنا ہوگا کیونکہ موجودہ حالات میں جہاں شرپسند فراڈ در فراڈ کھیل رہے ہیں وہاں ہم برادری کی خاطر خواہ سیوا نہیں کر سکتے۔"

شری نیلہ کنٹھ کول - آپ نے کہا "کیا سبھا اپنے ہاتھوں میں نئے انتخاب تک رکھنی ہے کہ نہیں - آپ ہاتھ کھڑا کریں" ابھی ان کی اس بات پر رائے قائم ہو رہی تھی کہ

شری بنسی لال کچرو نے کہا کہ سبھا چھوڑنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا چاہئے کسی بھی قیمت کی قربانی کیوں نہ دینا پڑے۔

شری نیلہ کنٹھ کول نے دوبارہ کہا - چاہے لڑائی جھگڑے کا سامنا کرنا پڑے - پولیس کیس کا مقابلہ کرنا پڑے - آپ بتلائیں کہ سبھا چھوڑ دی جائے کہ بدستور اپنے ساتھ آئندہ انتخاب تک رکھی جائے" اسکے بعد آپ نے کہا "پہلے آپ ووٹ رائے دیں - بعد میں فیصلہ کرنا ہوگا" اسکے بعد آپ نے سلسلہ بات جاری رکھتے ہوئے

کہا" اورنگ زیب کی حکومت اور ہندو دشمنی سے آپ لوگ بخوبی واقف ہو گئے۔ اُس نے قتل و غارت کا بازار گرم کیا۔ لوگوں پر زبردستیاں کیں۔ اِن بدعتوں سے چھٹکارا دلوانے کے لئے اور اُسکے عہدِ حکومت کو ختم کرنے کے لئے گرو گوبند سنگھ جی مہاراج نے بیلچا رسول کی۔ اُنہوں نے پنج پیارے ڈھونڈ لئے۔ اُنہی سے اورنگ زیب کا خاتمہ کرا دیا۔ اسی طرح ہماری سبھا میں پنج پیارے ہونے چاہئیں جو دشمنوں کی صفوں پر ~~شب خون~~ ڈال سکیں اُن کو باطل سمجھ کر حق کی خدمت میں سر بسجدہ کرا سکیں۔

اسی دوران سرو شری چمن لال درّانی اور بنسی لال تکو نے کہا" کامیابی حاصل کرنے کے لئے کبھی کبھار قدم بھی پیچھے ہٹانے پڑتے ہیں اور اسی اصول کو اسوقت اپنایا گیا ہے۔ اسی بیچ شری مکھن لال رینہ نے کہا" جو ممبر فیصلہ کے بموجب نہ چلے گا اُسکے خلاف کاروائی کی جانی چاہئے۔ اور شری سوہن ناتھ مشٹو جنرل سیکریٹری نے شری چمنی لال تکو کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا" خدا جانے کس طرح یہ فیصلہ دے دیا ہوگا + شری چمن لال درّانی نے کہا" قربانی قوم کے لئے ہے نہ کہ پنڈت جگن ناتھ بٹ کی ذات کے لئے چونکہ ہم اکثریت میں ہیں برادری کا حقہ ہمارے ساتھ ہے۔ لہٰذا ہم کو تمام جائز پہلوؤں سے سبھا اور برادری کے لئے سوچنا ہوگا +

پنڈت جگن ناتھ بٹ صدر سبھا نے فرمایا" کہیں سبھا سے سبکدوش ہونا تو ہین عدالت تو نہیں ہوتا۔ میں یہ بھی پوری طرح سمجھ گیا ہوں کہ اگر ہم سبھا سے کنارہ کش ہونگے تو سبھا کے خلاف کیس فی الفور withdrawal ہو سکتا ہے۔ لیکن ایسا کسی قیمت پر نہیں ہو سکتا۔ سبھا برادری کی امانت ہے اور ہم خیانت کر نہیں سکتے۔

پنڈت نیلکنٹھ کول نے کہا شری انوپ کول اینڈ ساتھی چاہتے ہیں کہ پنڈت جگن ناتھ بٹ مستعفی ہوں اور ہم مقدمہ واپس لے لیں گے۔ لیکن سبھا اُن کم ظرفوں کے ہاتھوں میں دینے کے ہم ہرگز ہرگز حق میں نہیں +

پنڈت جگن ناتھ بٹ صدر سبھا نے فرمایا" سبھا کے لئے ہم کسی کے ساتھ سودا بازی نہیں کر سکتے۔ ہمارا منشا ہے کہ برادری کی دیرینہ مانگ پوری ہو اور سبھا کا آئین ~~[illegible]~~ نافذ ہو۔ اور اُسی آئین کے تحت اگلے چناؤ عمل میں لائے جائیں۔ اسوقت محول کی ~~[illegible]~~ حالت قائم رکھنا ضروری ہے۔

متذکرہ صدر طویل بحث و مباحثہ کے بعد مندرجہ ذیل دو فیصلے متفقہ رائے سے کئے گئے

(۱) موجودہ حالات میں سبھا کو کسی قیمت پر شرپسندوں کے ہاتھوں میں نہ دیا جائے گا

(ب) برادری کو نوراترہ سے قبل ہی ایک پمفلٹ کے ذریعے سارے حالات سے آگاہ کر دیا جائے گا

اسطرح ایجنڈا کی مد نمبر ۱ اور ۳ پر سوچ وچار اور فیصلہ کیا گیا۔

***

اسکے بعد ایک پروگرام یوں ترتیب دیا گیا۔ جسکی ~~ترتیب کی~~ منظوری بھی دی گئی۔ یہ مد نمبر ۲ سے تعلق رکھتا ہے۔ شری مکھن لال رینہ نے تجویز پیش کی کہ ایک سب کمیٹی قائم کی جائے۔ اسطرح جو سب کمیٹی نامزد کی گئی وہ اِن ممبران پر مشتمل ہوگی۔ شری نیلکنٹھ کول چیئرمین / شری جی ایل رینہ شری مکھن لال رینہ شری چمن لال درّانی اور بدری ناتھ بھان ممبران

اِس سب کمیٹی کے ذمہ سبھا کے مقدموں کی پیروی ہوگی۔ یہ کمیٹی ایڈووکیٹ سے وقتی مشورہ جات کرے گی۔

شری سوہن ناتھ نے کہا۔ شام کو سارے لوگ سبھا پر آئیں اور روز آکر پوجا پاٹھ بھی کریں۔ اس کاروائی سے سبھا کی فضا ٹھیک ہوگی۔

(مسلسل)

اسی دوران صدر سبھا پنڈت جگن ناتھ بٹ نے فرمایا "فوراً ترت پبلک کے حوالہ سبھا کی چابیاں نہیں کی جا سکتیں۔ اسکے لئے کوئی اور دن مقرر کرنا ہوگا۔ اگر ضرورت پڑتی ہو۔"

شری گردھاری لال رینہ بکرم نگر گوسائیں نے کہا "ہم نے سبھا رکھنی ہے یا چھوڑنی ہے۔ کانسٹیٹیوشن پارٹی جو بھی بنا دیں ہم اُسکا سمرتھن کرینگے اور اسکے علاوہ موضوع سے باہر گفتگو کرنا بے مطلب ہوگا۔ سبھا کو رکھنا ہوگا کہ نہیں بیشتر کی رائے سے فیصلہ کرنا ہوگا۔"

شری شریدھر ناتھ وانچو نائب صدر نے فرمایا "ہم حالات کو پوری طرح سمجھ پائے ہیں۔ بھان صاحب نے اپنی رپورٹ میں صداقت کے ساتھ کام لیا ہے۔ ساری باتوں کی علمیت کرائی۔ انکی انتھک محنت قابل رشک ہے۔ اور ان کا گلہ حق بجانب بھی۔" انہوں نے آگے کہا "30 سال سے ہم دستور دیکھ رہے ہیں کہ کوئی تاویل کسی کروٹ کا رہا ہے۔ 15 سال سے تو برابر وعدوں پر وقت گزار رہے ہیں۔ فوراً ترت پر چابیاں انکی کو نہیں دی جا سکتیں۔ دو ہی دو تین دنوں میں فیصلہ ہونا چاہئے۔ برادری کو حالات سے روشناس کرنے کے لئے زبردست محنت درکار ہوگی۔ علاقہ علاقہ اور گھر گھر میں پہونچنا ہوگا۔ ہماری پوزیشن یہ ہے کہ ناؤ کو دھکا لگا رہے ہیں اور اسکو کنارے تک پہونچانا ہے۔ بہتر ہوگا کہ فوراً ترت پر دو نکوں کے سامنے شرپسندوں کی تمام شرپسندانہ اور جارحانہ حرکتوں کو طشت از بام کریں۔ اور میرے ذمہ جو بھی کام ڈال دیا جائے گا پورا کرنے کی کوشش کروں گا۔"

شری درشن پنڈت نے کہا "مجھے ایک بات کہنی ہے کہ یہی بات ہماری واحد بات ہے۔ کسی گھر میں 5 لڑکے ہیں۔ پانچوں اپنے اپنے کام پر چلے ہیں۔ ایک لڑکے نے چوری کی یا کوئی اخلاقی سرزدگی۔ اُسکو سدھارنا ہوگا اور گھر کو تباہی کے دامن پر لا کھڑا نہیں کرنا ہوگا۔ جو اس سال نے کبھی غلطیاں کیں اُسکو ہم ٹھیک کر سکتے ہیں۔ ہم اُسکی جارحانہ حرکت کو سنبھال بھی سکتے ہیں اور کارروائی بھی کر سکتے ہیں۔" اسکے بعد آپ نے کہا "ہم کو باقاعدگی کے ساتھ سبھا پر پوجا پاٹھ کے لئے جانا ہوگا۔ اس سے ہم دیکھ سکتے ہیں کہ حالات کیا کروٹ لیں گے۔ سبھا میں بہرصورت جانا ہوگا اور سبھا عوام کی ہے کشمیری پنڈت برادری کی ہے ہم اُنکا سکو قائم کئے ہوئے محافظ ہیں اور اگر اس امانت کو دینا بھی ہوگا تو وہ بھی قانونی کارروائی انجام دینے کے بعد اُسی برادری کو حوالہ کرنا ہوگی۔"

شری چمن لال دیتانی نے اسی ضمن میں کہا کہ سبھا ہر حال میں رکھنی ہے۔ اسکو آگے لے جانا ہے۔ اسکا کام کرنا ہے، چاہے یہ عارضی نوعیت کی ہی پوزیشن میں ہو یا دوسری کچھ بات ہو۔ ہم سبھا کو بازار میں نہیں چھوڑ سکتے۔ نابلد اور ناسمجھوں کے حوالہ اسکو ہرگز ہرگز نہیں کر سکتے۔

شری ناتھ بھان نے کہا "سبھا کو ہر طور برادری کے حوالہ کرنا ہوگا کیونکہ موجودہ حالات میں جہاں شرپسند فرار در فرار کھیل رہے ہیں وہاں ہم برادری کی خاطر خواہ سیوا نہیں کر سکتے۔"

شری نیلہ کنٹھ کول۔ آپ نے کہا "کیا سبھا اپنے ہاتھوں میں نئے انتخاب تک رکھنی ہے کہ نہیں۔ آپ ہاتھ کھڑا کریں"
ابھی ان کی اس بات پر رائے قائم ہو رہی تھی کہ

شری بنسی لال کچرو نے کہا کہ سبھا چھوڑنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا چاہئے کسی بھی قیمت کی قربانی کیوں نہ دینا پڑے۔

شری نیلہ کنٹھ کول نے دوبارہ کہا۔ چاہے لڑائی جھگڑے کا سامنا کرنا پڑے۔ پولیس کیس کا مقابلہ کرنا پڑے آپ بتلا دیں کہ سبھا چھوڑ دی جائے کہ دستور اپنے ساتھ آئندہ انتخاب تک رکھی جائے۔" اسکے بعد آپ نے کہا "پہلے آپ لوگ رائے دیں۔ بعد میں فیصلہ کرنا ہوگا۔" اسکے بعد آپ نے سلسلہ بات جاری رکھتے ہوئے

کہا" اورنگ زیب کی حکومت اور ہندو دشمنی سے آپ لوگ بخوبی واقف ہو گئے۔ اس نے قتل و غارت کا بازار گرم کیا۔ لوگوں پر زبردستیاں کیں۔ ان بدعنوں سے چھٹکارا دلوانے کے لئے اور اسکے عہد حکومت کو ختم کرنے کے لئے گرو گوبند سنگھ جی مہاراج نے بلیدان کی بول دی۔ انہوں نے پنج پیارے ڈھونڈ لئے۔ انہی سے اورنگ زیب کا خاتمہ کرایا۔ اسی طرح ہماری سبھا میں پنج پیارے ہونے چاہئیں جو دشمنوں کے منصوبوں پر پانی ڈال سکیں اُن کو باطل سمجھ کر حق کی خدمت میں سر بسجدہ کرا سکیں۔

اسی دوران سری شری چمن لال درانی اور بنسی لال تکو نے کہا" کامیابی حاصل کرنے کے لئے کبھی کبھار قدم بھی پیچھے ہٹانے پڑتے ہیں اور اسی اصول کو اسوقت اپنایا گیا ہے۔ اس بیچ شری مکھن لال رینہ نے کہا" جو ممبر فیصلہ کے بموجب نہ چلے گا اُسکے خلاف کاروائی کی جانی چاہئے۔ اور شری مہاراج ناتھ منشی جنرل سیکریٹری نے شری چمنی لال ٹکو کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا" فیصلہ پر فیصلہ دیا جاتا ہوگا + شری چمن لال درانی نے کہا" قربانی قوم کے لئے ہے نہ کہ پنڈت جگن ناتھ بٹ کی ذات کے لئے۔ چونکہ ہم اکثریت میں ہیں برادری کا حقہ ہمارے ساتھ ہے۔ لہذا ہم کو تمام جائز پہلوؤں سے سبھا اور برادری کے لئے سوچنا ہوگا+

پنڈت جگن ناتھ بٹ صدر سبھا نے فرمایا" اگر میں سبھا سے سبکدوش ہوتا تو یہ عدالت تو ہین ہوتا۔ میں یہ بھی پوری طرح سمجھ گیا ہوں کہ اگر ہم سبھا سے کنارہ کش ہونگے تو سبھا کے خلاف کیس فی الفور withdraw ہو سکتا ہے۔ لیکن ایسا کسی قیمت پر نہیں ہو سکتا۔ سبھا برادری کی امانت ہے اور ہم خیانت کر نہیں سکتے۔

پنڈت نیلکنٹھ کول نے کہا شری انوپ کول اینڈ ساتھی چاہتے ہیں کہ پنڈت جگن ناتھ بٹ مستعفی ہوں اور ہم مقدمہ واپس لینگے۔ لیکن سبھا اُن کم ظرفوں کے ہاتھوں میں دینے کے ہم ہر گز ہر گز حق میں نہیں ہیں۔

پنڈت جگن ناتھ بٹ صدر سبھا نے فرمایا" سبھا کے لئے ہم کسی کے ساتھ سودا بازی نہیں کر سکتے۔ ہمارا منشا ہے کہ برادری کی دیرینہ مانگ پوری ہو اور سبھا کا آئین نافذ ہو۔ اور اسی آئین کے تحت اگلے چناؤ عمل میں لائے جائیں۔ اکثریت حصول کی حالت قائم رکھنا ضروری ہے۔

متذکرہ صدر طویل بحث و مباحثہ کے بعد مندرجہ ذیل دو فیصلے متفقہ رائے سے کئے گئے

(۱) موجودہ حالات میں سبھا کو کسی قیمت پر شر پسندوں کے ہاتھوں میں نہ دیا جائے گا

(ب) برادری کو نوراترہ سے قبل ہی ایک پمفلٹ کے ذریعے سارے حالات سے آگاہ کر دیا جائے گا

اسطرح ایجنڈا کی مد نمبر ۱ اور ۳ پر سوچ و چار اور فیصلہ کیا گیا۔

اسکے بعد ایک پروگرام یوں ترتیب دیا گیا۔ جسکی منظوری بھی دی گئی۔ یہ مد نمبر ۲ سے تعلق رکھتا ہے،

شری مکھن لال رینہ نے تجویز پیش کی کہ ایک سب کمیٹی قائم کی جائے۔ اسطرح جو سب کمیٹی نامزد کی گئی وہ ان ممبران پر مشتمل ہوگی۔ شری نیلکنٹھ کول چیئرمین / شری جی ایل منشی شری مکھن لال رینہ شری چمن لال درانی اور مدن ناتھ بھان ممبران

اس سب کمیٹی کے ذمہ سبھا کے مقدموں کی پیروی ہوگی۔ یہ کمیٹی ایڈوکیٹ سے وقتی مشورہ جات کرے گی۔

شری سوم ناتھ دری نے کہا۔ شام کو سارے لوگ سبھا پر آئیں اور روز آکر پوجا پاٹ بھی کریں۔ اس کاروائی سے سبھا کی فضا ٹھیک ہوگی۔

(مسلسل)

اسکے بعد بالاتفاق رائے طے پایا کہ شری پریم ناتھ کول کے خلاف مقدمہ دائر کیا جانا چاہئے۔ یہ کیس فوجداری کی حیثیت کا دائر کیا جانا چاہئے۔ کیونکہ Criminal case ہی اُسکے لئے دوا کا کام کرے گا۔

اسکے بعد ایجنڈا کی مد نمبر ۲ یعنی سرو شری جواہر لال رازدان اور اشوک کمار کول کے خلاف قانونی کاروائی کرنے سے متعلق غور کیا گیا۔

جونہی یہ سوال پیش کیا گیا کہ مذکورہ دو افراد کے خلاف قانونی کاروائی کرنا ہے کہ نہیں؟ تو سبھی ممبران نے متفقہ فیصلہ صادر کرتے ہوئے کہا کہ ان دونوں کو دھوکہ بازی، فراڈ کمیٹی اور سبھا اور برادری کو دھوکا دینے کے خلاف قانونی کاروائی نہ کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ چنانچہ سب کمیٹی کو قانونی مشیر سے رابطہ پیدا کرکے ایسی کاروائی کرنے کا مکمل اختیار دیا گیا۔

نئے مقدمے دائر کرنے کے بارہ میں بدری ناتھ بھان نے کہا کہ وکیلوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ بتائے کہ ان مقدموں کے لئے سبھا کو خرچہ برداشت کرنا ہوگا یا آپسی چندہ کرنا ہوگا۔ چنانچہ طے پایا کہ سبھا کے کاموں کے لئے سبھا کو ہی خرچہ برداشت کرنا ہوگا۔ اور سب کمیٹی کو ہر تاریخ سے پہلے قانونی مشیر سے رابطہ جوڑنے کی ہدایت کی گئی۔

اسکے بعد شری گردھاری لعل رینہ (میونسپل کونسلر) نے کہا کہ کل شری شمبھو ناتھ رازدان سکنہ پنڈت سبھا کوارٹر وسمپال میرے پاس آئے۔ اُنہوں نے کہا کہ پنڈت جگن ناتھ بٹ کو چاہئے کہ وہ اپنے لڑکے جواہر لعل وغیرہ کو ملاقات کرنے کے لئے بلائیں اور آپس میں فیصلہ کریں۔ میں نے جواب میں کہا "کیا پنڈت جگن ناتھ کو ہی بلانا ہوگا" تو اُس نے کہا "اسکی کیا ضرورت ہوگی۔ وہ بڑے ہیں دل بھی بڑا ہوگا۔ یہ لوگ چھوٹے ہیں اور چھوٹا ہی دل رکھتے ہیں۔ اسلئے پنڈت جگن ناتھ خود ہی اپنوں سے مل کر فیصلہ کریں۔" یہ باتیں اور یہ مشورہ سننے کے بعد میں نے پنڈت شمبھو ناتھ رازدان والد شری جواہر لعل سابقہ ممبر سے کہا "آپ پر حیف ہے۔ کہ آپ اس قسم کا واہیات مشورہ دے رہے ہیں اور میں حیران ہوں کہ آپ نے کس زبان سے کس منہ سے اور کس جرأت سے یہ بات کہی" یہ تھے الفاظ شری گردھاری لال رینہ کے۔

اور پھر شری گردھاری لعل رینہ نے کہا "کہ ہم کو چاہئے کہ ہم روز مرہ اور بلاناغہ سبھا پر حاضر رہا کریں اور اس اقدام سے ان سبھی شر پسندوں کے حوصلے پست ہو جائیں گے۔

شری راج ناتھ بھان نے کہا پنڈت جگن ناتھ بٹ کے ساتھ اگر وہ خود ہی آکر ملاقات کریں اسمیں حرج ہی کیا ہے۔ اور یہ نامناسب بات ہوگی کہ پنڈت جگن ناتھ اُن سے اپنے ایما پر ملاقات کریں۔

شری ہیرا ناتھ شنتو جنرل سیکرٹری نے کہا "کہ سبھا فقط مرتیو سامگری سے زندہ ہے۔ اور زندہ تھی۔ جو ہر لال موقعہ پر حاضر ہوتا ہے۔ مرتیو سامگری حاجت مندوں کو فراہم کرتا ہے، اور وہ آمدنی بھی پیدا کر سکتا ہے۔ اور اگر ہم سبھا پر جائیں گے بھی تو کیا پروا ہوگا۔ وہ لوگ ایسے ہی ہیں۔

اسکے بعد شنتو صاحب نے کہا کہ ایک کوارٹر خالی ہے بیرونِ احاطہ میں - اُسمیں کسی مضبوط آدمی کو رکھنے کا سبھا کی پراپرٹی کی حفاظت کیلئے اور برادری کے مفاد کے لیے تحفظ کیا جانا چاہئے۔ صدر بٹھیلا نے کہا کہ شری دوارکا ناتھ جی نے کو چابی دی ہوئی ہے۔ اُسکو ڈرایا گیا ہے۔ ہم نے اُسکو 300 روپے تنخواہ دینے کی پیشکش بھی کی تھی؟

شری چمن لال درانی نے مکرر کہا کہ ہم کو چاہئے کہ ہم سبھا پر کا انحلال نہ جانیں جیسا کہ میں نے پہلے ہی کہا۔ اُن لوگوں کو جو شر پسند خیالات رکھتے ہیں (آپسمیں بھی اتفاق نہیں ہے) وہ بھی ایک دوسرے سے نفرت کرنے لگے ہیں - اور ایک دوسرے کو شک کی نظر سے دیکھنے لگے ہیں۔ وہ خود ہی خانہ جنگی پر اُتر آئینگے اور خود بخود ہی ختم ہو جائینگے۔

شری جی ایل رینہ نے کہا کہ ہمیں کسی کے ساتھ negotiation نہیں کرنی ہے۔ جن کو ہم نے تسلیم نہیں کیا۔ اُن کے ساتھ بولنا چالنا ہی نہیں"۔ اسکے بعد رینہ صاحب نے کہا کہ آج اوپ کول نے کہا" کہ پنڈت جگن ناتھ بٹ کی ایک ہی حیثیت تمام حالات کو سنبھال سکتی ہے؟ اسمیں وہ بیان کریں کہ میں برادری سے معذرت چاہتا ہوں کہ میں الیکشن نہ کروا سکا اسلئے استعفیٰ دیتا ہوں؟ اسکے بعد ایک Caretaker باڈی قائم کی جائے گی۔ سرو شری پریتھوی ناتھ ہیرا، اوم لال کول او مکار ناتھ در اور جگن ناتھ رازدان نے ایک وقت سبھا چھوڑنے پر زور دیا۔

اسکے بعد ہری ناتھ بھان نے کہا کہ سرینگر سے آئے ہوئے چند افراد ہم کو شر پسندوں کی گول میز کانفرنس میں شامل کرنا چاہتے تھے لیکن یہ بات نہ بن پائی اُنکو شر پسندوں کی ملاقات کا شرف حاصل نہ ہو سکا اور ہمارے پاس وقت نہ تھا کہ ہم اُن کی مرضی کے مطابق ملاقات کے لئے آگے آ کریں

* (شری ہری ناتھ بھان - شری ویشنو جی شری ٹکا لعل شیلو وغیرہ)

لیکن طے پایا کہ اگر سرینگر پارٹی چاہے گی تو وہ ہم سے سبھا کے باہر کہیں پر بھی ملاقات رکھ کے حالات جان سکتی ہے؟ اور ہمیں کوئی اور تردد نہیں کرنا چاہئے۔ ممبران نے واضح طور پر کہا کہ مدری ناتھ بھان کو چاہئے کہ وہ سرینگر والی پارٹی کو وہ تحریر کردہ سالانہ رپورٹ پڑھوائیں جسمیں سبھی حالات بہ تفصیل درج ہیں - اور چونکہ عدالت میں کیس چل رہا ہے لہذا ہم اُس مقدمہ کے فیصلے سے پہلے کوئی ایسی ویسی بات نہیں کریں گے - لہذا فیصلہ کیا گیا کہ کوئی ملاقات شر پسندوں سے کسی بہانے نہ کی جائے گی۔ ***

اسکے بعد دوسرا فیصلہ کیا گیا کہ اس سالانہ رپورٹ کے آدھار پر ایک اور رپورٹ بنائی جانی چاہئے جسکو چھپوا کر برادری کے ہر فرد واحد کے ہاتھوں میں پہنچا دیا جائے اور اُس رپورٹ کے آخر میں صدر سبھا کے علاوہ ورکنگ کمیٹی کے تمام ممبران کے دستخط ثبت ہونے چاہئیں۔ ***

آخر میں فیصلہ کیا گیا کہ سبھا میں شام کے 7 بجے سے 8 بجے رات تک سبھی ممبران حاضری دیا کریں گے اور ابتدا 1 مارچ سے کی جائے گی۔ اور اتوار اس فیصلہ سے مستثنیٰ ہو گی + ***

آخیر میں میزبان شری دوارکا ناتھ جی نے تمام ممبران کی پر تکلف چائے سے تواضع کی اور اسطرح یہ میٹنگ کوئی 4½ گھنٹوں میں تکمیل پذیر ہوئی

[signature]
Convener.

23 مارچ 1981ء

کشمیری پنڈت سبھا امپھلا ریہاڑی جموں

ہنگامی میٹنگ

آج کشمیری پنڈت سبھا کے ایگزیکٹو کے ارکان اور دوسرے ~~[crossed out]~~ وابستہ ممبران کی ایک ہنگامی میٹنگ کشمیری پنڈت سبھا کے کاریالیہ واقعہ کشمیری بھون امپھلا جموں میں پنڈت جگن ناتھ بٹ کی صدارت میں منعقد کی گئی جس میں برادری کی ایک مقتدر ہستی اور شری رام چندر کاک گاندھی نگر نوواسی کے والد بزرگوار پنڈت مدسودھن کاک ریٹائرڈ ایڈوکیٹ جنرل کے اچانک رحلت فرمانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور پرماتما سے پرارتھنا کی گئی کہ وہ سورگباشی کی آتما کو سدگتی پردان کرے نیز سوگوار خاندان کو یہ سانحہ عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

اسکے بعد ایک قرارداد منظور کی گئی جسکے بارہ میں طے پایا کہ اسکی نقل شری رام چندر کاک کو ارسال کی جائے۔

دستخط بحروف انگریزی
ناظم جلسہ ماتم

[signature]
ناظم ہنگامی ماتمی میٹنگ

قرارداد

ہم جملہ ارکان وابستہ کشمیری پنڈت سبھا کشمیری بھون امپھلا جموں برادری کی برگزیدہ ہستی پنڈت مدسودھن کاک ریٹائرڈ ایڈوکیٹ جنرل کے مورخہ ۱۷ مارچ 1981ء کو اچانک رحلت فرمانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں اور پرماتما سے پرارتھنا کرتے ہیں کہ وہ سورگباشی کی آتما کو سدگتی پردان کرے نیز غم زدہ پریوار کو یہ سانحہ عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔

[signature]
ناظم میٹنگ

آج جن صاحبان نے ہنگامی ماتمی میٹنگ میں شرکت کی انہوں نے اپنے دستخط علیحدہ کاغذ پر ثبت کئے ہیں اور یہاں پر ان کے اسمائے گرامی درج کئے جاتے ہیں۔

سروشری - رادھا کرشن تکو - گردھاری لال رینہ - مکھن لال رینہ - پران ناتھ شنگلو - موتی لال منٹو - چونی لال منگو - ترلوکی ناتھ ولی - راجہ ناتھ کھار - چمن لال درانی - سوم ناتھ تکو - بال جی بٹ - جگر ناتھ زادورہ - رتن لال کول - بنسی لال گرو - سوم ناتھ سپرو - نیلہ کنٹھ کول - پرتھوی ناتھ کول - موہن لال اسمبلی نوڈی - پرتھوی ناتھ بیدا خور - بنسی لال تکو - اومکار ناتھ در - اوتار کرشن بھرزا - درشن پنڈت - کاشی ناتھ - پرتھوی ناتھ - سوبری ناتھ کھار - جگن ناتھ بٹ -

23/3/81

(36)

کشمیری پنڈت سبھا امپھلا جموں

آج کشمیری پنڈت سبھا ارکان کی ایک میٹنگ کشمیری سبھا کے احاطہ میں پنڈت جگن ناتھ بٹ کی صدارت میں منعقد کی گئی جس میں سبھا کی ایک برگزیدہ ہستی پنڈت مدھوسودن کاک ریٹائرڈ ڈپٹی ایڈووکیٹ جنرل کے اچانک رحلت فرمانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا۔ اور پرماتما سے پرارتھنا کی گئی کہ وہ سورگباشی کی آتما کو سدگتی پردھان کرے اور ان کے غم زدہ پریوار کو یہ غم عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے اسکے بعد ایک قرارداد متفقہ طور پر منظور کی گئی۔

جگن ناتھ بٹ
صدر مجلس ماتم

قرارداد

ہم جملہ ارکان کشمیری پنڈت سبھا برادری کی برگزیدہ ہستی پنڈت مدھوسودن کاک ریٹائرڈ ڈپٹی ایڈووکیٹ جنرل کی بے وقت رحلت (سوموار ۱۶ تاریخ مارچ ۱۹۸۱ء بروز) فرمانے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہیں اور پرماتما سے پرارتھنا کرتے ہیں کہ وہ (سورگباشی کی آتما کو سدگتی پردھان کرے اور) غم زدہ پریوار کو یہ صدمہ عظیم برداشت کرنے کی توفیق عطا کرے۔ اسکے بعد طے پایا کہ اس قرارداد کی نقل شری رام چندر کاک فرزند پنڈت مدھوسودن کاک سورگباشی کو ارسال کر دی جائے۔

ناظم مجلس

آج جنرل باڈی نے اس ماہ ممبرشپ میں شرکت کی ہے انکے اسمائے گرامی حسب ذیل ہیں

~~…~~

شری ... - ... کاک - ... - مکھن لال رینہ - پیارے ناتھ ... - موتی لال ... - ... - ... ناتھ ... - راجناتھ ... - چمن لال ... - سوم ناتھ ... - ... - ... ناتھ ... - ... لال کول - ... لال ... - سوم ناتھ ... - ... کول - ... ناتھ کول - ... لال ... - ... ناتھ ... - ... لال ... - ... ناتھ در - ... - ... پنڈت - کاشی ناتھ

23/3/81

Signatures.

[illegible]

M L Mutto

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

23 مارچ سنہ 1981ء کی ماتمی میٹنگ کے اختتام کے بعد سارے مجمع نے حضرت امبا کے دربار میں حاضری دیکر
پوجا پاٹ کیا اور بعد میں پنڈت مہیشور ناتھ ٹکو نے دھارمک پستکوں اور پر تو ستھانوں کی مہما کی چرچا کی
اور مفصل روپ میں بتایا کہ شاردا کا مہتو کیا ہے کہ کن کن آثار میں کشمیر مہا ہی شوار کا ہے۔ اور ہم بھوانی نام سہستر
اور پنچستوی کے ہونے کا کارن ہمدرد سلوک کے رواداری ہیں نیز ہم پر یہ بھگوان کی خاص دیا ہے کہ ویدوں اور پورانوں
کے علاوہ ہم کو پنچستوی اور بھوانی نام سہستر سے نوازا ہے۔ جو دوسرے گرنتھوں سے عظیم ہیں اور برابر بھی۔
آپ نے کہا کہ اگر ہم سنسکرت سے ناآشنا ہیں تو ان پوتر گرنتھوں کا نچوڑ جو ہمارے لوگوں کو پرمانند جی
لل دید جی اور روپ بھوانی۔ شمس فقیر جی وغیرہ نے کشمیری زبان میں عطا کئے ہیں کا ہی دھیان کریں تو برابر ہوگا
کہ جیسے تمام دھارمک گرنتھوں کا مطالعہ ہو رہا ہو۔

کشمیر میں شیو فلسفہ بام عروج پر ہے۔ بیرونی ملکوں کے ریسرچ سکالر ہمارا اس شیو فلسفہ اور
دوسرے دھارمک گرنتھوں پر تحقیق کرنے کی غرض سے اکثر کافی وقت صرف کرکے اپنی مرادیں پا کر واپس چلے جاتے
ہیں اور ہم ہیں کہ اس طرف دھیان ہی نہیں دیتے۔

اسکے بعد آپ نے کہا کہ ہم ہمیشہ امن پسندی کے قائل رہے ہیں۔ ہم بھائی چارہ کو بڑھاوا دینے کے حامی رہے ہیں
ہم کسی کے ساتھ بھید بھاؤ کرنے کے حق میں نہیں لیکن ہم سمجھدار اور سمجھدار ہو کر جھوٹ یا جھوٹے کا ساتھ دینے کے
حق میں نہیں۔ لہذا ہمیں چاہئے کہ سچ کا بول بالا دیکھنے میں ہمہ تن مصروف رہیں۔

اسکے بعد میٹنگ ختم کی گئی اور اس تمام کارروائی کو 7 بجے شام سے 8-45 رات تک چلایا گیا

[signature]
Convener
23.3.81

کشمیری پنڈت سبھا جموں

8-4-1981

حسب منشائے پریزیڈنٹ صاحب کشمیری پنڈت سبھا جموں سبھا کی ایگزیکٹیو کی ایک ہنگامی میٹنگ مورخہ ... بمقام غریب خانہ پر منعقد کی جا رہی ہے جس میں 18 مارچ 1981ء سے 7 اپریل 1981ء کے دوران رونما ہوئے واقعات پر غور و خوض کیا جائے گا۔ لہٰذا اس میٹنگ کی شروعات سے پہلے حاضرین اپنے اپنے دستخط ثبت فرمائیں۔

[signature]
ناظم میٹنگ

دستخط ممبران حاضری

1. [signature]
2. [signature]
3. [signature]
4. [signature]
5. [signature]
6. [signature]
7. [signature]
8. [signature]
9. [signature]
10. [signature]
11. [signature]
12. درشن ... [signature]
13.
14.
15. Prithvi Nath [signature]
16.
17.
18.
19.
20.
21.

ہنگامی میٹنگ

کشمیری پنڈت سبھا کی ایگزیکٹیو کی ہنگامی میٹنگ جو اب شروع ہونے والی ہے کی صدارت شری میران ناتھ ... جنرل سیکرٹری فرمائیں گے کیونکہ یہ ایک اولین ضرورت ہے کہ کسی میٹنگ کا پہلے صدر مقرر ہو اور جب ہی دوسری میٹنگ کارروائی شروع ہو۔

[signature]
अध्यक्ष
صدر میٹنگ

[signature]
ناظم میٹنگ
संयोजक

روئیداد کاروائی میٹنگ ہنگامی

منعقدہ مورخہ 8 اپریل 1981ء زیر صدارت شری پیارے ناتھ شستو جنرل سیکریٹری و نظامت بہ بدری ناتھ بھان۔

سب سے پہلے مورخہ 15 مارچ 1981ء کی ایگزیکیٹو کی میٹنگ کی کاروائی پڑھکر سنائی گئی۔ اور پھر صدر میٹنگ ہذا وغیرہ سے اُسکی تصدیق کرائی گئی۔

اسکے بعد ناظم میٹنگ نے 18 مارچ 1981ء سے 6 اپریل 1981ء تک سبھا سے متعلق یا سبھا کے لئے یا برادری کے مفاد میں یا اسکی بھلائی کی خاطر یا برادری کی عظمت کے لئے جو بھی باتیں یا کاروائیاں ہوئیں کی چھوٹی موٹی تفصیل بیان کی۔ جسکا متن یوں تھا۔

کشمیری پنڈت برادری کے وسیع تر مفادات کی خاطر برادری میں دراڑ آنے کے احتمال کے پیش نظر کشمیری پنڈت جاتی کے مندرجہ ذیل اشخاص کی ایک ہنگامی میٹنگ شری راج ناتھ بھان ممبر ورکنگ کمیٹی کشمیری پنڈت سبھا جموں کے دولت کدے پر ہوئی اور اس دن 26 مارچ 1981ء کو سرو شری جگن ناتھ بٹ۔ مکھن لال ایمہ۔ امر ناتھ گنجو او مکار ناتھ کاک۔ شیلہ کنٹھ کول او تار کرشن ہرزا راج ناتھ بھان مکھن لال رینہ اور بدری ناتھ بھان موجود تھے۔ اس میٹنگ کے ناظم کے فرائض بدری ناتھ بھان نے سرانجام دئے۔ میٹنگ میں بہت ساری باتیں ہوئیں۔ کافی بحث مباحثہ ہوا اور آخر کار سبھی لوگ متفق ہوئے کہ نو ریہہ سیلبریشن کمیٹی کا قیام عمل میں لایا جائے جسکے سربراہ جسٹس جے این بٹ ہوں۔

چنانچہ اسی دم متفقہ طور پر طے پایا کہ آج کی میٹنگ کے ممبران کے علاوہ برادری کے دوسرے ارکان کو دعوت دیکر اس نو ریہہ سیلبریشن کمیٹی میں شامل کر لیا جائے۔ اسطرح نو ریہہ سیلبریشن کمیٹی کی تشکیل کی گئی اور اُس کے ساتھ 25 اشخاص کی فہرست منسلک کی گئی۔ طے پایا کہ اس کمیٹی کے ذمہ نو ریہہ زینگ تری اور ورتگا اشٹمی کے کاریہ کرم کے پروگرام روبہ عمل لانا ہوگا۔

میٹنگ میں طے پایا کہ ان پروگراموں خاصکر نو راترہ اور ہون کے موقعہ پر دوسری دھارمک سنستھاؤں کے سربراہوں کو بھی مدعو کیا جائے۔

اسکے بعد سیلبریشن کمیٹی کو حتمی شکل دینے کے بعد لئے میٹنگ میں موجود افراد نے کہا کہ جسٹس جے این بٹ سے رجوع کرنا چاہئے تاکہ اُن کی رضامندی حاصل کی جا سکے۔

اسطرح 27 مارچ کو بی این بھان کے مکان پر دوسری میٹنگ ~~مورخہ 27 مارچ~~ کو ہوئی جس میں پنڈت جگن ناتھ بٹ مکھن لال ایمہ شیلہ کنٹھ کول راج ناتھ بھان بنسی لال کچرو شریک ہوئے اور اس پروگرام کی ترتیب پر غور کیا گیا۔

اور پھر 28 مارچ کو شری راجناتھ بھان کے دولتکدے پر فہرست ممبران اور پروگرام اور اشتہار کو حتمی شکل دینے کے بعد جناب جسٹس بٹ سے اُن کے دولت کدے پر منظوری حاصل کرنے کے بعد اشتہار کو ترتیب دیا گیا۔ اس موقعہ پر سرو شری جگن ناتھ بٹ۔ شیلہ کنٹھ کول۔ بدری ناتھ بھان راج ناتھ بھان پیارے ناتھ بھان امر ناتھ گنجو او مکار ناتھ کاک مکھن لال ایمہ موجود تھے۔ جسٹس بٹ نے پروگرام اور اشتہار پر رضامندی کی چھاپ ڈال دی۔

مورخہ 30 مارچ کو سرو شری انوپ کول چاند کرشن راج ناتھ بھان اوتار کرشن ہرزا اور موہن لال کول دن کے کوئی 3 بجے راجناتھ بھان کے دولت کدے پر اکٹھے ملے اور معلوم ہوا ~~انہوں نے کہا~~ اُن میں سے پہلے انوپ کول اور چاند کرشن نے کہا کہ شری او مکار ناتھ کاک کو کمیٹی میں ہرگز ہرگز شامل نہ کیا جائے

لیکن کئی ٹھوس دلائل سے متفق ہو کر شری انوپ کول نے کہا تھا کہ شری اومکار ناتھ کاک کا صدر کمیٹی میں ہونا لازم ملزوم ہے لیکن شری چاندکرشن بضد رہے کہ کاک صاحب کو ہرگز ہرگز شامل نہ کر لیا جائے۔ یہ ایک ڈیڈ لاک کا پہلا مرحلہ تھا۔ حالانکہ شری پی دین کول نے بہ نفس نفیس کمیٹی میں شامل ہونے کو باعث افتخار بیان کیا تھا۔

اس حماقت کا برادری میں دور دور تک چرچا ہوا اور اسکے نتیجہ میں چند نوجوان لڑکوں نے مزاحمت کو جنم دے دیا۔ یہ نوجوان بظاہر ایکتا اور بھائی چارہ کے حامی نظر آ رہے تھے لیکن بہ باطن یہ کیا تھے یہ سمجھنا کٹھن تھا۔

اسی ۳۰ مارچ ۱۹۹۱ء کو بدری ناتھ بھان کے مکان پر سرو شری مکھن لال ایمہ اومکار ناتھ کاک اور امرناتھ گنجو تشریف فرما ہوئے۔ اس موقعہ پر شری موہن لال کول پہلے ہی تشریف فرما ہوئے تھے۔ یہ کوئی رات کے ۸ بجے کا سماں تھا۔ بہرحال غیر رسمی میٹنگ ہوئی جس میں فیصلہ کیا گیا کہ پہلے فورم کی میٹنگ دوبارہ شری راج ناتھ بھان کے دولتکدے پر شام کے چھ بجے ۳۱ مارچ کو بلائی جائے۔ تاکہ پروگرام کو آخری شکل دی جا سکے۔

۳۱ مارچ کو صبح سے شام تک کوئی ۴ میٹنگیں ہوئیں اور رات کی میٹنگ شری راج ناتھ بھان کے دولتکدے پر ہوئی جس میں صرف راجناتھ بھان بنسی لال کول اومکار ناتھ کاک اور مکھن لال ایمہ نے شرکت کی۔ اور بعد میں اس میٹنگ کا دوسرا دور بدری ناتھ بھان کے مکان پر چلا۔ یہاں تمام حالات کا جائزہ لیا گیا اور تمام باتیں زیر غور لائی گئیں

یکم اپریل کو دوسری چھوٹی چھوٹی میٹنگوں کے علاوہ بدری ناتھ بھان کے گھر پر میٹنگ ہوئی جس میں اشتہار کا ڈھانچہ مکمل شکل میں سامنے لایا گیا۔ لیکن اس دوران شری چاندکرشن ترکی کی غلط روی کے کارن نوجوانوں کی پارٹی جسکے سربراہ شری سنیل بخشی تھے نے اپنے ہی ڈھنگ سے ان پروگراموں کو منانے کا پلان بنایا تھا۔ چنانچہ تمام سابقہ پروگرام اور اشتہار ٹھپ سا ہوا۔ انہوں نے نام نہاد پربندھک کمیٹی اور کشمیری پنڈت سبھا سے مل کر پروگراموں کو انجام لانے کا ایک لائحہ عمل پیش کیا۔ چنانچہ یہ دو ٹوک کہ ان نوجوانوں میں شوق پیدا ہوا ایسے سماج سیوا کا اور وہ قدرے صدق دل بھی ہیں ان پر دست شفقت رکھا جائے۔ اور یہ دیکھا جائے کہ یہ لوگ کس حد تک کامیابی سے ہمکنار ہو سکتے ہیں۔

کستور باہرسٹ میں ان نوجوانوں نے ایک میٹنگ میں شرکت کی۔ جس میں سرو شری مکھن لال ایمہ۔ نیلہ کنٹھ کول - سنیل بخشی - ستیش کول - سدا دور تل - اومکار ناتھ کاک اور بدری ناتھ بھان موجود تھے۔ انہوں نے دیکھتے ہی پوسٹر کو انٹرنیزی ہی تردید دیا اور کہا کہ چونکہ نام نہاد پربندھک والے لڑکا بڑا پروگرام دیکھتے۔ پھر جابندر کا کے حامی بنے بیٹھے ہیں لہذا ہم برادری کو بدنامی سے بچانے کے لئے یہ تینوں پروگرام اور اصلی پوسٹر میں بہت ساری حیثیت میں منائیں گے۔ ان نوجوانوں نے کسی حد تک اپنی من مانی دکھائی اور اصلی پوسٹر میں بہت ساری تبدیلی لائی۔ اسطرح ان کے انٹرنیزی پوسٹر کا ڈھانچہ قابل ستائش نہ رہا۔ اس سے کشمیری پنڈت سبھا کے ممبران کے دلوں میں شکوک پیدا ہو گئے کیونکہ ان کی امیدوں سے باہر کام ہوا جا رہا تھا۔ لہذا اسکی تلافی کے لئے جسٹس محب صاحب سے ملاقات کرنا ضروری سمجھا گیا تھا۔ چنانچہ بدری ناتھ بھان

پنڈت جگن ناتھ بٹ، رجاتہ بھان، امرناتھ گنجو، سنیل بختی، منشی واتل، تیج لال رینہ اور شری آر این کول جسٹس صاحب کے دولتکدے پر گئے اور اُن کے سامنے تمام معاملہ رکھا۔ اور بدری ناتھ بھان نے عرض کیا کہ ۲۵ افراد پر مشتمل کمیٹی کو ۶۲ افراد میں تبدیل کرنا آپ سے دستخط لینا دھوکہ دہی کے مترادف ہے۔ ہمارے ساتھ جو پروگرام کمیٹی اور اشتہار طے پایا تھا اُن نوجوانوں نے من مانی کرکے وہ سرے سے ہی بدل کر رکھ دیا ہے۔ اسکے جواب میں جسٹس صاحب نے فرمایا "میں بڑا ہی اُلو کا پٹھا ہوں" جو میں نے پہلے کے بعد دوسرے اشتہار کو منظوری دیدی۔ ویسے یہ غلطی بھولپن سے ہی ہوا ہے۔ یہ زندگی میں پہلی بار سب سے بڑی بھول تھی۔" بہرحال نوجوانوں کے انگریزی پوسٹر پر زبردست بحث و مباحثہ ہوا اور آخرکار برادری کے ہت میں ہر دو طرفین کو صبر سے کام لینے اور پروگراموں کو خوش اسلوبی سے نبھانے کا پرن لینے کی تجویز ہوئی۔ حالانکہ ان نوجوانوں نے کافی دیر تک پروگرام کو منظر عام پر نہ لایا تھا۔ ان کو سرزنش کی گئی سمجھایا بجھایا گیا۔ اور انہوں نے ہمارے کہنے پر پنڈت موہن کشن ٹکو کو مہمانِ خصوصی کے طور پر قبولا اور اپنے پروگرام میں تبدیلی لائی۔ جو کماحقہ اچھے ڈھنگ کا تھا۔ لیکن ان نوجوانوں کا مکھن لال ایم۔ بدری ناتھ بھان اور مختار ناتھ کاک وغیرہ کو متضاد اوصاف کا جسٹس صاحب کے روبرو کہہ دینا کچھ زیادتی سے کم نہ تھا۔ مگر جسٹس صاحب نے معاملہ ٹھنڈا کر دیا اور پنڈت جگن ناتھ بٹ نے بھی موقعہ پر زوردار الفاظ میں کہہ دیا کہ آپ ہر کسی کو متضاد کہتے ہیں لیکن آپ لوگ دوسروں کی نظروں میں متضاد ہیں۔ آپ سوچ سمجھ کے کام لیجئے۔ اس پر سنیل بختی غصہ میں آ گیا کہ آپ ہم کو بالکل سہیوگ نہ دیں ہم کو آپ لوگوں کی ضرورت نہیں ہے۔ مگر ہم پروگراموں کو اپنے منشا سے نبھائینگے۔ اس پر دوسرے ممبروں اور جسٹس صاحب نے زبردست ناراضگی کا اظہار کیا اور وہ لوگ خاموش ہو گئے۔

۱۵ اپریل کی صبح کو سرو شری چاند کرشن پیرن ناتھ بھان، موہن لال کول بدری ناتھ بھان سے ملاقات کرنے آ گئے۔ خوش قسمتی سے سرو شری شیلہ کنٹھ کول اور مکھن لال رینہ پہلے ہی موجود تھے۔ شری پیرن ناتھ بھان نے شری چاند کرشن کی شہ پر کہہ دیا کہ شریمتی اندرا گاندھی ۲۰ اپریل کو سبھا پر تشریف لا رہی ہیں لہذا ہماری مالی امداد کی جائے تاکہ اُن کے شایانِ شان استقبال کا انتظام کیا جاسکے۔ بدری ناتھ بھان نے شری شیلہ کنٹھ کول اور مکھن لال رینہ کے کہنے کے بعد کہا کہ مجھ سے امداد مانگنا چہ معنی دارد۔ تو پیرن ناتھ بھان نے کہا آپ سے مراد ہے کشمیری پنڈت سبھا۔ تو میں نے درجواب کہا میں تن واحد سبھا نہیں کہلا سکتا۔ میں اپنی گرہ کو دیکھ کر ۵-۱۰ روپے پیش کر سکتا ہوں اور سبھا کا تو پاس اثاثہ نہیں جو پیش کروں یا بانٹ دوں۔ البتہ بدری ناتھ بھان نے آخر میں اُن کو یہ کہا کہ آپ کے پاس بقول چاند کرشن 500-600 روپے ہیں خرچ کر دیجئے اور جو لگایا جائے ہونگے وہ سبھا کو منتقل کریں اور میں انتہائی کوششوں سے ایگزیکٹو میں اسکی منظوری دلوا دونگا۔ اسکے بعد چاند کرشن کے طلب کرنے پر بدری ناتھ بھان نے اُسکے ہاتھ میں دس روپے تھما دئے۔ جسکی کوئی رسید نہ دی گئی۔

۱۷ اپریل کی صبح کو شری مکھن لال ایم ایک نیا انگریزی کا ہینڈبل لے کر بدری ناتھ بھان کے گھر پر آئے اور کہا کہ طوفان بے پوسٹر چھپا ہوا ہے۔ ہمارے نام اس میں درج کئے گئے ہیں۔ ہم دونوں نے مسٹر جسٹس صاحب کا رجوع کیا جہاں اُن کے سامنے اپنی لاعلمیت کا اظہار کیا۔ حالانکہ

جسٹس بھٹ کے پاس سروشری انوپ کول وغیرہ وہ پوسٹر بہت پہلے پہونچا چکے تھے اور اپنی لاعلمیت کا اظہار کر چکے تھے۔ اس ہینڈبل میں جسٹس بھٹ چیئرمین نوربہ سیلبریشن کمیٹی کی جانب سے برادری کو دعوت دی گئی تھی کہ وہ نوربہ زینتری اور ورتا اشٹمی ہون اور جلوس میں شرکت کریں اس ہینڈبل میں غلط اوقات درج تھے اور پروگرام بھی بدلا بدلا سا تھا۔ اس میں درج تھا کہ 13 اپریل کو 11 بجے صبح سے 4 بجے شام تک سبھا کے نئے صدر کا چناؤ عمل میں لایا جائے گا۔ اس پوسٹر پر کھلبلی مچ گئی ہر طرف بیان بازیاں شروع ہو گئیں لیکن ہم نے اس ہینڈبل پر کوئی رائے قائم اس لیے نہ کی کہ شام کے پروگرام پر برا اثر پڑے گا اور شریمتی اندرا گاندھی کا سبھا پر آنا نیک فال ہے اور چونکہ ہم بھی ان کو بہت پہلے دعوت دے چکے تھے۔ لہٰذا چپ سادھ لی گئی اور ان نوجوانوں کے پروگرام کا سمرتھن کیا اور سہیوگ دیا۔

اس 5 اپریل کو کیا ہوا۔ کس طرح صدر سبھا پنڈت جگن ناتھ بٹ کا اپمان کیا گیا۔ نام نہاد پربندھک کمیٹی کے نام نہاد ارکان اور نوجوان پارٹی کے ارکان کے درمیان ہاتھا پائی ہوئی۔ جوتے پیزار چلے۔ وہ آپ سبھی لوگوں نے دیکھا بھی ہوگا اور سنا بھی۔ اس روز شام لال در اور پی این کول نے پولیس آفیسر کے روبرو اپنے آپ کو بالترتیب کشمیری پنڈت سبھا کا جنرل سیکریٹری اور صدر بتایا تھا۔ اور ان کے ساتھ نوجوانوں نے کیا سلوک کیا وہ بھی آپ سے سنا گیا ہوگا۔

ہمارے صبر کا پیمانہ بہت پہلے لبریز ہو چکا تھا لیکن چونکہ زبان دے دی گئی تھی اسلئے ہم نے آخر تک چپ سادھ لی اپمان کی حرکت کس نے کی کس طرح کی کیونکر کی اور کس کی شہہ پر کی یہ ہم بخوبی جانتے ہیں۔ شری کاشی ناتھ کول ہم ورکنگ کمیٹی کشمیری پنڈت سبھا کو اندر ہی آنے نہ دیا گیا۔ کہرام مچتے مچتے رہ گیا۔ یہ ایک سوچی سمجھی چال تھی جو نام نہاد پربندھک کمیٹی کے چند سرپھرے پیرو کاروں نے نوجوان پارٹی کے سرپھرے ممبران سے مل کر کی تھی۔

اب 6 اور 7 اپریل 1987ء سے نام نہاد پربندھک کمیٹی کے نام نہاد ارکان برادری سبھا کے پریذیڈنٹ پنڈت جگن ناتھ بٹ اور ممبران سبھا کے گھروں کا طواف کر رہے ہیں کہ ان کو بخش جائے اور سبھا کو اپنے ہاتھوں میں لے لیا جائے کیونکہ نوجوانوں نے بڑی بے ہودگیاں شروع کی ہیں۔ ہمارا قافیہ تنگ کیا ہے اور ان کا مقابلہ اب ہمارے بس کا نہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ نوجوان پارٹی نے بے رضی جتا کر جواہر لال اور اشوک کول اور او پی کول اور مہاراج کرشن سے برا سلوک کرنا شروع کر دیا ہے اور وہ اب ہماری شرن میں آ رہے ہیں۔ لیکن یہ سبھی لوگ بھروسے کے قابل نہیں اسکے مقابل میں چاند کرشن شام لال در اور پریم ناتھ کول نوجوانوں سے دوبارہ ملنے کی سعی ہو رہے ہیں۔ لگتا ہے دھڑا بازی ہو رہی ہے۔ لہٰذا یہ ایک معمہ ہے۔ جسکا حل آج کے روز ضروری بن گیا ہے۔ یعنی آج مورخہ 11 اپریل 1987ء کو

مسلسل۔

سروری ناتھ بھان نے جو اختصار کے ساتھ 21 دن کے واقعات کا جائزہ پیش کیا اُسی کو آج مورخہ [illegible] اپریل ۱۹۸۱ء
کی میٹنگ کے لئے ایجنڈا کی صورت دے دی گئی۔ جس پر بدلتے ہوئے حالات کے پیش نظر اور برادری کی نسبت اور تمام
ضروری تقاضوں کو جو برادری کو کشمیری پنڈت سبھا کے ممبران و اہلکاران سے کرنے کا اختیار حاصل ہے کے بارے میں
کافی غور و خوض کیا گیا۔ [illegible] اس طرح:-

★ سب سے پہلے شری چمن لال درانی کو دعوت دی گئی کہ وہ اپنے وچار پرکٹ کریں۔ آپ نے رائے ظاہر کی کہ واقعات اور حالات کی
آخری پوزیشن کچھ یوں ہے۔ کل مورخہ ۶ اپریل کو میں اور سروری ناتھ بھان شری راج ناتھ کے مکان پر رات کے [illegible] بجے گئے
وہاں پر ہم نے شری [illegible] کرشن - اشوک کو - جواہر لال - مہاراج کول اور اوتار کول، پہلے سے ہی موجود ہیں۔ وہ [illegible]
ہمارے آنے سے پہلے کیا کچھ لکھ چکے تھے یا کیا کچھ کہتے آئے تھے۔ البتہ ہمارے روبرو انہوں نے کہا کہ وہ ان پارٹی غلط طریقہ کار اپنا
رہے ہیں اور وہ اصل اور صحیح راستے سے ہٹ چکے ہیں اور ہمیں خدشہ ہے کہ برادری کے مفاد کو ٹھیس لگ سکتی ہے
جس کا سدھار مشکل تمام ہو سکے گا۔ لہٰذا ایسے حالات میں آپ یعنی کشمیری پنڈت سبھا ہمارے ساتھ مفاہمت کریں تاکہ
سبھا غلط ہاتھوں کی شکار نہ بنے۔ اتنے میں شری اوتار کرشن مرزا تشریف لائے اور ان لوگوں نے زور سے اپنا
موقف دہرایا۔

شری چمن لال درانی نے اپنے بیان کو جاری رکھتے ہوئے کہا کہ میں اپنی ذاتی حیثیت میں کوئی بات کہہ سکوں گا اور وہ بات سبھا
کی ترجمانی سے تعبیر نہ کی جائے۔ اسی طرح شری اوتار کرشن مرزا نے بھی کہا۔ ان دونوں نے خود بھی کہا " کہ ہمارا کیا ہوا کوئی عہد
سبھا کی ورکنگ کمیٹی کی جانب سے دی ہوئی کوئی رائے نہ سمجھی جائے۔" شری درانی نے کہا کہ میں نے اوتار کول سے کہا آپ بتلائیں
کہ ہم اور آپ کیا مسئلہ حل کر سکتے ہیں۔ تو شری اوتار کول نے کہا " کہ آئین نافذ ہو اور اس میں درج کیا جائے کہ
موجودہ باڈی جو سبھا کی ہے اور زیر سرپرستی و صدارت پنڈت جگن ناتھ بٹ ہے۔ کی میعاد اب مزید ایک سال کے لئے بڑھا دی **
جائے۔ اس سے بہت سارے مسائل حل ہوں گے"
اسکے بعد مرزا صاحب نے کہا " بتلایا جائے کہ باہمی سمجھوتہ کو کس نے تار پیڈو کیا؟ کس نے اپنا [illegible]
لیکن شری مرزا نے خود ہی جواب دیا مسٹر و شری جانکی کرشن اور اوتار کول اس بات کے ذمہ دار ہیں۔
یہ سننے کی دیر تھی کہ شری اوتار کول نے کہا " کہ ہمارا آئین نافذ شدہ ہے تصدیق شدہ ہے اور اس پر موہن کرشن تنکو نے
دستخط شدہ ہے۔ جیسے پوری طرح علم ہے کہ موہن کرشن تنکو نے اس پر اپنے دستخط ثبت کئے ہوئے ہیں۔ جیسے اچھی طرح علم ہے
مائنٹ بک میں درج ہوئے ہیں۔ اس وقت تیرتھا جی شری مہاراج کرشن سبھا کے جنرل سیکریٹری تھے۔" شری اوتار کول نے اپنا بیان
ختم ہی کیا تھا کہ شری چمن لال ملو نے جو دو منٹ پہلے محفل میں آئے تھے نے کہا کہ " یہ بات بالکل نادرست ہے۔
جہاں تک مجھے معلوم ہے کہ شری موہن کرشن تنکو نے ایک سال تک ٹال مٹول کیا حتیٰ کہ سیکریٹری آدمی بھیجے گئے کہ آئین پر
دستخط ہو سکیں لیکن وہ بہانہ بازی کرتے رہے اور آئین پر دستخط نہ کر پائے۔ حالانکہ اس آئین کو برادری کے پاس پہنچایا گیا
تھا۔ سرکلر دیا بھی بے شمار کاپیاں بھیجی گئی تھیں لیکن اسکو منظوری حاصل نہ ہو سکی۔"
اسکے بعد شری اوتار کول نے کہا " کہ جب سبھا کا موجودہ ترتیب دیا ہوا آئین قانونی سیکریٹری مسٹر [illegible] کے
پاس پہنچا تو انہوں نے سیدھے بنا ہی اسکے پرزے پرزے بنا دئے اور پھر روبرو کہا کہ "
پہلا آئین ہی تصدیق شدہ ہے لہٰذا اس آئین کی کوئی ضرورت نہیں اور اس کو رد کیا جائے

(مسلسل)

یاد رہے کہ مہاراج کرشن کول کا یہ بیان بازی بالکل بالکل اصل واقعہ سے ہٹ کر ہے۔
کیونکہ سرو شری مکھن لال ریٹیا، جونی لال شکو، اوتار کرشن مرزا اور ہردی ناتھ بھان 8 اپریل کو دن کے
کوئی 2½ بجے جسٹس بھٹ سے ملاقی ہوئے اور ہردی ناتھ بھان نے جسٹس بھٹ سے مہاراج کرشن کی
شگفتہ گفتار کی صحت دریافت کی۔ تو جسٹس بھٹ نے فرمایا "کہ اس شخص نے کہ جس کی اصلیت ابھی مجھے
بھی پوری طرح معلوم نہ ہو سکی نے فون سے شگفتہ پر مزید کاروائیوں کی شمولیت کے بارہ میں دریافت کیا تو میں
خود پریشان ہو گیا کہ دیکھو آپ لوگوں نے وہ کام کیا کہ میرا سر شرم سے جھک گیا ہے۔ رات بھر مجھے اس بات کا
اضطراب تھا۔ پنڈت جگن ناتھ بھٹ کی عزت سے کھیل کر آپ لوگوں نے ساری برادری کے ماتھے پر کلنک
لگا دیا۔ اور چونکہ میں صرف فوریہ کی تقریب سے وابستہ تھا وہ میں نے انجام دی۔ اسکے بعد میرا
دوسرے ہرگز ہوش سے بالواسطہ یا بلاواسطہ کوئی تعلق نہ ہو گا۔"

اسکے بعد مرزا صاحب نے کہا کہ میں نے شری انوپ کول سے 7 اپریل کے روز کہا تھا کہ 3 باتیں از حد ضروری
ہیں۔ اول کورٹ کیس فی الفور واپس لے لیا جائے۔ دوئم بغیر مشورہ مہاراج سبھا کے صدر اور اسکا رول
سے بات کی جانی چاہیئے۔ سوئم ایگزیکٹیو جو سبھا کی ہے اسکے منشا کے خلاف کوئی بات نہ ہوگی نہ
کوئی منعقد ہوگا بلکہ ایگزیکٹیو کا احترام کرنا لازمی ہوگا" اسکے بعد مجھے بھی ہو دیکھا جائے گا۔

** شری اوتار کرشن مرزا کے بعد شری پیران ناتھ شستو صدر سبھا نے کہا کہ "مجھے لگتا ہے کہ پھر (نام نہاد) پربندھک کمیٹی
دو دھڑوں میں بٹ گئی ہے۔ ایک دھڑا سرو شری پریم ناتھ کول، شام لال ڈر اور جیا لال کرشن ہے۔
جبکہ دوسرا دھڑا سرو شری انوپ کول، مہاراج کول، جوہر، اشوک وغیرہ ہیں۔ دوسرا یہ کہ نوجوان
لوگ نام نہاد پربندھک کمیٹی پر حاوی ظاہر ہوتے ہیں۔ اور یہی ان کی ناعاقبت اندیشی کی دلیل ہے۔

** شری پیران ناتھ شستو سے ہردی ناتھ بھان نے اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ دراصل بازو و کروبا ہی بازو کی پارٹیاں
جنم پا چکی ہیں۔ اور یہ لوگ خود بخود ہی خرد برد بن جائیں گے کیونکہ سبھا کی دھرم مریادا اور اخلاق ان لوگوں
سے کوسوں دور ہے۔ یہ لوگ عنقریب ہی اپنی موت آپ مریں گے۔

** اور پھر موہن لال کول نے کہا "جہاں تک درگا اشٹمی کے سمبندھ میں سوانگ رچانے کا تعلق ہے۔ بہتر یہی ہوگا
کہ سبھا کی جانب سے چند ایک افراد حاضر آئیں۔ تاکہ حالات کا صحیح اندازہ لگایا جا سکے۔ یہ بھی دیکھنا ہوگا
کہ جسٹس بھٹ صاحب سیکریٹری کمیٹی کے برابر جھگڑے میں ہوں گے کہ شری جگن ناتھ بھٹ کے ایمان کی وجہ سے
دستبردار ہوں گے۔ جو بھی کوئی سامنے آئے گا اس سے ہم کو چاہیئے کہ باشرکت جیتی دل نہ دیں۔
اور حتی الامکان بالکل دخل نہ دی جائے۔ نئی پود کو معلوم نہیں کہ کون کتنے پانی میں ہے۔ وہ
اپنی نوجوانی کی قربت کی نمائش تو کرتے ہیں لیکن بغیر مشورہ کے یہ نمائش ان کے حق میں بجا بھی نہیں سکتی۔"
اسکے بعد شری موہن لال کول نے کہا "میں ہی یہ اندازہ نہیں کر سکتا کہ نوجوان کسی عمل کے خالق ہیں ان کی
نیت کیا ہے اور ان کا آئندہ کا کیا رول رہے گا۔ کیا وہ قبضے پر ~~[illegible]~~ قبضہ کرنے کے حامی ہیں
یا ان کے ارادے اور ان ~~[illegible]~~ کردار برادری کے مفاد میں ہیں۔

مسلسل۔

حالات کو جوں کے توں رہنے دیا ہوگا۔ ہون تک اُن کا سمجھوتہ کرنا ہوگا اور پھر جائزہ لیا ہوگا کہ اُن نوجوانوں کے ارادے ٹھیک ہیں یا غلط۔

درمیان میں اسکے بعد کسی شخص نے کہا (نام لکھنا یاد نہیں رہا) کہ مورخہ ۲۷ اپریل کو نوریہ کے دن شری شام لال در نے IG انڈ سی آئی ڈی کے ~~محکمہ~~ اپنا اور شری پریم ناتھ کول کا تعارف بالترتیب جنرل سیکریٹری و صدر کشمیری پنڈت سبھا ~~گیا تھا~~ پیش کیا تھا۔ یہ بات آخر میں غالباً روپ کرشن سے تصدیق ہوئی تھی۔ کیونکہ یہ واقعہ اُن کے سامنے پیش آیا تھا۔

اپنا بیان جاری رکھتے ہوئے شری موہن لال کول نے کہا کہ "نوجوانوں نے برملا کہا ہے کہ ہون کے بعد ہم کوچ کریں گا دیکھنے کہ وہ کیا کرتے ہیں۔ اگر وہ اُنا کچھ کریں گے تو ہم کو اِس بارہ میں پہلے ہی دوسری سٹیج میں مکمل لائحہ عمل طے کرنا ہوگا۔

اسکے بعد سوالیہ انداز میں شری جیون لال درانی نے کہا "ہمیں ہون میں شمولیت نہ کرنا ہمارا منافی تو نہ ہوگا؟ کیونکہ شری مکھن لال ابھی تک اپنے مشن میں کامیاب نہ ہو سکا۔ وہ چاہتے تھے کہ سبھی باہمی سمجھوتہ سے تمام پروگرام ترتیب تکمیل تک پہنچائیں۔ لیکن نوجوان لوگوں کے سامنے آنے سے شرافت پر پانی پھر گیا۔ ##

شری مکھن لال رینہ نے کہا کہ پنڈت نیلہ کنٹھ کول نے نوجوانوں سے کہا کہ پنڈت جگن ناتھ بٹ سے معافی مانگتے اُن کے دولت کدے پر حاضری دیں اور ہون کے بارہ میں اُن ہی سے ضرور بالضرور مشورہ بھی کریں اور آشیرواد بھی لیں۔ کیونکہ ہون رچانا نوجوانوں کے بس کی بات نہ تھی نہ ہے اور نہ ہوگی۔ ##

شری موہن لال کول نے اپنی عادت کے بموجب کہا "کل شام میں سبھا پر گیا ہوا تھا۔ میں نے وہاں چائے کی پیالی نوش کی۔ شری پی این کول شری چاند جی اور دوسرے لوگ بھی موجود تھے۔ چائے تقسیم کر رہا تھا۔ نوجوانوں نے مجھ سے کہا۔ ہمیں ہون رچانا ہے! ہمیں معلوم نہیں کیا کرنا ہے اور کیسے کرنا ہے۔ آپ ~~~~ مہربانی کر کے ہماری رہنمائی کریں۔ میں نے اُن سے کہا کہ میں اِس بارہ میں کچھ بھی نہیں جانتا۔ آپ کو چاہئے کہ پنڈت جگن ناتھ بٹ صدر سبھا سے رجوع کریں۔ اگر آپ کو باہر والوں کی ضرورت ہوگی تو پنڈت نیلہ کنٹھ لہرو۔ پنڈت پریم ناتھ جوتشی سنتوشی جی۔ سوم ناتھ اور در سوم ناتھ سپرو جی بھی اِس کام سے واقف ہیں آپ میرا نام لے کر مشورہ کریں کیونکہ ہون رچانے میں اُن کا سہیوگ مفید ثابت ہوگا۔ اور اگر میری سیوا درکار ہوگی اِس سلسلہ میں تو میں اُن سے مشورہ کر سکتا ہوں۔" اِسکے بعد آپ نے کہا "میں نے اُن کو یقین دلایا ہے کہ سبھی لوگ سبھا سے وابستہ ہیں وہ سارے کے سارے حاضر آ جائیں گے۔ میں خود بھی حاضر آ جاؤں گا۔ اسکے بعد شری موہن لال کول نے کہا "ہمارا موجودہ ڈھانچہ بھی کہہ سکتا ہے کہ ہم اُن نوجوانوں سے برابر رابطہ رکھیں اور کسی آدمی کو بیچ میں رکھنا ہوگا جو اُن کی ہون کے رچانے میں رہنمائی کرے۔ ##

اِس پر شری جیون لال درانی نے کہا "کسی آدمی کو بیچ میں ڈالنے کی چنداں ضرورت نہیں ##

سلسلہ-

ان کو چاہئے کہ سبھا کی ریڈر کیٹیو کے ساتھ بات کریں اور ممبران سے فرداً فرداً بات کرنا ان کے حق
میں نہیں جائے گا۔ اسکے بعد درانی صاحب نے کہا ہمیں سرو شری انوپ کول چاند کرشن ہیاراج کرشن جلالی
اور ہیارا مکرشن کول کے ساتھ کوئی Dialogue نہیں کرنا ہے۔ ان کو مگر Disown ہم نہیں کرنا ہے۔
ہماری ہمدردیاں ان کو حاصل رہنی چاہئے۔ رسید بک وغیرہ بالآخر سبھا کو ان سے حاصل کرنا ہی ہوگا۔

اسکے جواب میں شری موہن لال کول نے کہا کہ میں اتفاق نہیں کرسکتا۔ چار ماہ سے ہم برابر دیکھ رہے ہیں۔
وہ صرف بات ہے کہ جو لوگ سبھا کو درہم برہم کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ ہمیں ان دونوں ان سے تضاد پیدا
نہیں کرنا چاہئے۔ لیکن وہ ایسی کوئی رائے پیش نہ کریں جو جائز ہی نہ ہوگی۔

شری چمن لال درانی نے کہا "گذشتہ سال ہم نے خود ہی ہون رچایا۔ ہیرا ن ناتھ جی ششتو اور
اشوک کمار کول وغیرہ نے خود ہی انتظام کیا۔ گذشتہ سال کی نسبت اس سال حالات بہتر ہیں
گذشتہ سال دشمنوں کے اخبار تھے۔ بیان بازیاں اور غلط پراپیگنڈا تھے لیکن ہم ان تمام
باتوں سے مرعوب نہ ہوئے۔ اس سال کے حالات ہمارے حق میں ہیں۔ لہذا اسی طریقہ سے اس
سال بھی اقدام کرنا ہوگا۔
شری موہن لال کول نے کہا کہ ہم نے ان کو یعنی نوجوانوں کو وقتی طور پر پروگرام کرنے کے لئے منظوری دی تھی
لیکن اس بات سے چمن لال جی درانی اور سروانند کرشن جی مرزا نے قطعی اتفاق نہ کیا۔
اسکے بعد درانی صاحب نے کہا۔ نئے نوجوانوں کے گروپ میں زبردست خطرہ موجود ہے۔ جیسے نام ہاد پربندھک
کمیٹی اتنی خطرناک نہیں ہے؟

اسکے بعد شری موتی لال ہنڈو نے کہا "کہ نوجوانوں نے شری موہن لال کول سے عرض کی تھی ذیلی کمیٹیوں کے
بارہ میں سوچ لیں۔ تاکہ سبھی لوگ حاضر آئیں اور ہون کی رونق کو دوبالا کیا جاسکے"
شری موہن لال کول نے آخیر میں کہا "کہ نام نہاد پربندھک کمیٹی اپنے ختم ہونے کا کھلا اعلان کرے اور
ہم سبھا کو حسب دستور اپنے ہاتھوں میں رکھیں۔ اسکے لئے ہم یعنی سبھا کی ریڈر کیٹیو نام نہاد پربندھک کمیٹی
کے کچھ غیر متنازعہ افراد کو اپنے ساتھ ملالینگے۔
اتنی ساری کاروائی اور بحث مباحثہ کے بعد ٹھوس فیصلے لئے جانے باقی رہ گئے
چنانچہ فیصلہ کیا گیا کہ (1) اگلی میٹنگ شکرور مورخہ ۱۵ اپریل کو شری اوتار کرشن مرزا ملک شی کے گھر واقع
کوروانس کرے پر شام کے ۵ بجے ہوگی۔ (2) ہم میں سے دو تین افراد ایسی حسین بٹ سے رجوع کرکے ان
سے انگریزی پوسٹر کی تردید کروائیں گے کہ سبھا کا کیس عدالت میں ہے۔ لیکن اس پوسٹر سے توہین عدالت

کا کوئی پہلو نہ نکلے۔

(3) اس طرح سرو شری اوشا درکش مرزا ۔ بدری ناتھ بھان جی ۔ مکھن لال رینہ اور چونی لال مکو
کو ہدایت کی گئی کہ وہ سیشن جج سے مدد کرنے سے دینگریوں پوسٹروں کی تردید کروائیں
جسکو سیر دہ پریس کرنے کے لئے جسقدر بھی صرفہ کر کے عوام تک پہنچا دیں۔ چنانچہ موقعہ پر ہی
50/ روپیے خرچ کرنے کی منظوری دی گئی۔

Convener ناظم سیٹرنگ
संयोजक
8.4.1981

15/4/81

10/4/81

حسب ہدایت صدر میٹنگ مندرجہ ذیل ارکان ورکنگ کمیٹی (ایڈہاک)
جلسہ جشن جے دین صاحب سے رابطے کے وقت رجوع کرنے گئے تاکہ پوسٹروں کے بارہ
میں ان سے تردید جاری کروا دی جائے۔
سرو شری اوشا درکش مرزا ۔ چونی لال مکو ۔ مکھن [illegible]

اُن کو چاہیے کہ سبھا کی ڈیلیگیشن کے ساتھ بات کریں اور سبھا ان سے "فرداً فرداً" بات کرنا اُن کے حق
میں نہیں جاتا تھا۔ اسکے بعد درانی صاحب نے کہا ہمیں سروشری اروپ کول جانکی ناتھ کرشن مہاراج کرشن جیلالی
اور مہاراج کرشن کول کے ساتھ کوئی سوال Dialogue نہیں کرنا ہے۔ اُن کو مگر Disown بھی نہیں کرنا ہے۔
ہماری ہمدردیاں اُن کو حاصل رہنی چاہئے۔ رسید بک وغیرہ بالآخر سبھا کو اُن سے حاصل کرنا ہی ہوگی۔

اسکے جواب میں شری موہن لال کول نے کہا کہ ہمیں اتفاق نہیں کر سکتا۔ چار ماہ سے ہم برابر دیکھ رہے ہیں۔
وہ صرف بات ہے کہ جو لوگ سبھا کو درہم برہم کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ ہمیں ان دونوں اُن سے تضاد پیدا
نہیں کرنا چاہئے۔ لیکن وہ ایسی کوئی دراڑ پیدا نہ کریں جو جائز ہی نہ ہوگی۔

شری چمن لال درانی نے کہا "گذشتہ سال ہم نے خود ہی سون رچایا۔ پیران ناتھ جی شستری اور
اشوک کمار کول وغیرہ نے خود ہی انتظام کیا۔ گذشتہ سال کی نسبت اس سال حالات بہتر ہیں
گذشتہ سال دشمنوں کے انبار تھے۔ بیانات بازیاں اور غلط پراپیگنڈے تھے لیکن ہم اُن تمام
باتوں سے مرعوب نہ ہوئے۔ اس سال کے حالات ہمارے حق میں ہیں۔ لہذا اُسی طریقہ سے اس
سال بھی اقدام کرنا ہوگا۔

شری موہن لال کول نے کہا کہ ہم نے اُن کو یعنی نوجوانوں کو وقتی طور پر پروگرام کرنے کے لئے منظوری دی ہے؟
لیکن اس بات سے چمن لال جی درانی اور سروانند کرشن جی مرزا نے قطعی اتفاق نہ کیا۔
اسکے بعد درانی صاحب نے کہا۔ ان نوجوانوں کے گروپ میں زبردست خطرہ موجود ہے۔ جیسے نام نہاد پربندھک
کمیٹی اتنی خطرناک نہیں ہے؟

اسکے بعد شری موتی لال ہنڈو نے کہا "کہ نوجوانوں نے شری موہن لال کول سے عرض کی تھی کہ ذیلی اکائیوں کے
بارے میں سوچ لیں۔ تاکہ سبھی لوگ حاضر آسکیں اور میلوں کی رونق کو دوبالا کیا جاسکے۔
شری موہن لال کول نے آخیر میں کہا "کہ نام نہاد پربندھک کمیٹی اپنے ختم ہونے کا پھر سے اعلان کرے اور
ہم سبھا کو حسب دستور اپنے معمولات میں دیکھیں۔ اسکے لئے ہم بھی سبھا کی ڈیلیگیشن نام نہاد پربندھک کمیٹی
کے کچھ غیر متضاد افراد کو اپنے ساتھ ملا لینگے۔

اتنی ساری کاروائی اور بحث مباحثہ کے بعد کوئی بھی فیصلہ لئے جانے باقی رہ گئے
چنانچہ فیصلہ لیا گیا کہ (1) اگلی میٹنگ شکروار مورخہ ۱۵ اپریل کو شری اوتار کرشن مرزا ملکشمی نگر نواسی
کی دولت کدے پر شام کے ۵ بجے ہوگی۔ (2) ہم ہی سے دو تین افراد ایسی سیشن جج سے رجوع کرکے اُن
سے انگریزی پوسٹر کی تردید کروائیں گے کہ سبھا کا کیس عدالت میں ہے۔ لیکن اس پوسٹر سے توہین عدالت

ATTENTION

My attention has been drawn to a Poster under the head "KASHMIRI PANDIT SABHA", Purporting to be Signed by a number of gentlemen Shri M.L. Aima .... Shri J.N. Bhat, inviting people to the celebrations in Connection with NAWREH on different dates begining on 5th and ending on the 13th of April, 1981.

According to this poster, I am Supposed to be the person inviting the "Baradari" to the Programme given therein.

I have absolutely no knowledge of this Poster. Some of the alleged Signatories to this poster, who met me denied having been party or Signatory to any Such poster.

I further understand that this poster has given rise to some misunderstandings particularly regarding Elections. The Youngmen incharge of the celebrations told me catagorically that they are also ignorant about the poster and holding of ELECTIONS, is not in their Programme.

I am very Sorry, Some mischievious elements for reasons best known to them have issued this Poster dragging in my name un-necessarily.

Sd/-
JANKI NATH BHAT
RTD: JUSTICE
Chairman
Nawreh Celebration
Committee - 1981

Dated 8th April, 1981

10/4
191

کشمیری پنڈت سبھا جموں

کشمیری پنڈت سبھا کی ایگزیکیٹو کی ایک اہم میٹنگ حسب فیصلہ دوران میٹنگ منعقدہ مورخہ 8 اپریل 1981ء آج مورخہ 10 اپریل 1981ء بروز شکروار شری اوتار کرشن مرزا [illegible] نو واسی کے دولت کدے پر منعقد ہونا قرار پایا ہے۔ جس میں کچھ اہم مسئلوں پر غور و خوض ہوگا اور موقع و محل کی مناسبت سے اہم فیصلے کئے جائیں گے۔

[signature]
Convenor.

غیر معمولی میٹنگ

کشمیری پنڈت سبھا کی ایگزیکیٹو کے ممبران کی غیر معمولی میٹنگ شری کاشی ناتھ کول کی صدارت میں منعقد ہوئی ہے۔ مسند کارروائی کے آغاز کرنے سے پہلے تمام حاضرین اپنے اپنے دستخط ثبت فرمائیں۔ آج کی میٹنگ [illegible] اور [illegible] شری [illegible] خصوصی دعوت پر شرکت کر رہے ہیں۔

[signature] 10/4/81
صدر میٹنگ

[signature] 10/4/81
ناظم میٹنگ

دستخط [illegible]

1. [signature] 10/4/81
2. [signature]
3. [signature]
4. [signature]
5. [signature]
6. [signature]
7. [signature]
8. [signature]
9. [signature]
10. [signature]
11. [signature]
12. [signature] (Roop [illegible])
13. [signature] [illegible]
14. [signature]
15. Prithvi Nath Muralehu
16.
17.
18.
19.
20.

روئیداد کارروائی غیر معمولی میٹنگ منعقدہ ۱۵ اپریل ۱۹۸۱ء

بر مکان شری اوتار کرشن مرزا سکنہ گاندھی نگر جموں

صدارت: بہ جناب کاشی ناتھ جی کول و نظامت: بہ بدری ناتھ بھان

(1) سب سے پہلے بدری ناتھ بھان نے مورخہ ۸ اپریل ۱۹۸۱ء کی ہنگامی میٹنگ کی کارروائی کی روئیداد پڑھ کر سنائی اور اُس کی تصدیق سرو شری پران ناتھ شستر گزشتہ صدر میٹنگ اور پنڈت کاشی ناتھ کول صدر میٹنگ امروزہ سے کرائی۔

(2) اس روئیداد کو جو کہ 324 سطور اور زائد از 600 الفاظ پر مشتمل تھی کو سننے کے بعد صدر میٹنگ پنڈت کاشی ناتھ کول اٹھ کر اٹھے اور فرمایا کہ سبھا سوسائٹیوں سے مدت سے وابستہ رہنے پر بھی میں نے آج تک کبھی بھی کوئی تنظیمی اور خوشی کن رپورٹ نہیں سنی جو آج بدری ناتھ بھان نے پڑھ کر سنائی۔ آئینے کی طرح صاف ستھری رپورٹ جس میں کوئی بھی بات راز نہ رکھی گئی ہو کو پیش کرنا دلیری ہے۔ اور اس دلیری کو بھان صاحب نے اچھی طرح سے نبھایا ہے۔ واقعی لکھنے والے نے جان توڑ محنت کی ہے۔ میں ان کی ہر قیمت پر داد دیئے بغیر نہیں رہ سکتا" ان الفاظ کو سننے کے بعد بدری ناتھ بھان نے صدر میٹنگ اور تمام حاضرین کا مکرر شکریہ ادا کیا۔

(3) یہاں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ رپورٹ کی تصدیق اور تائید پر تھوڑی بحث نے جنم لیا ہوئی اسلئے کہ صدر میٹنگ نے فرمایا کہ سابقہ میٹنگ کے صدر ہی اس کی تصدیق کر سکتے ہیں۔ چنانچہ بدری ناتھ بھان نے کچھ دلائل دیں لیکن وہ نہ مانی گئیں۔ شری موہن لال کول نے بدری ناتھ بھان کے موقف کی حمایت کی اور آخرکار سابقہ گزشتہ میٹنگ کے صدر اور آج کی میٹنگ کے صدر نے اشتراکی پہلو اپنا کر اس کارروائی کے صحیح ہونے اور پڑھے جانے کی تصدیق کی۔

(4) اسکے بعد صدر میٹنگ پنڈت کاشی ناتھ کول نے بدری ناتھ بھان سے مخاطب ہو کر کہا "آپ لوگوں نے سابقہ انگریزی پمفلٹ میں جس میں الیکشن کا ذکر کیا گیا ہے کے بارہ میں کیا رویہ اختیار کرنا سوچا ہے کیونکہ مجھے تشویش سی ہے" آپ کے اس سوال کے جواب میں بدری ناتھ بھان نے جناب جسٹس کی ڈائریکٹری میں Attention کے عنوان سے جاری کی ہوئی تردید چھپی ہوئی حالت میں پیش کی اور پھر تمام حاضرین کو اسکا بیان دیں۔ اس ڈائریکٹری کی اشتہار (توجہ دو) کو پڑھنے کے بعد شری کاشی ناتھ کول نے فرمایا "میں یہی چاہتا تھا۔ آپ نے پہلے ہی یہ کام کر دیا یا کروا لیا۔ آپ یقیناً تحسین کے لائق ہیں اور میرے دل میں آپ کی عزت اور بڑھ گئی ہے۔ کارکن لوگ ایسا کرنے میں [illegible] کرتے ہیں۔ آپ اپنی خدمت گزاری اور درد جو برادری کے لئے سینے میں رکھتے ہیں کے کارن مقبول خاص و عام رہیں گے۔ ہماری دلی تمنا ہے کہ آپ ہمیشہ قوم سیوا میں مصروف رہیں" ان قیمتی الفاظ کو سننے کے بعد بدری ناتھ بھان نے صدر میٹنگ اور حاضرین کا شکریہ ادا کیا۔

(5) اسی دوران شری روپ کرشن صبر ایڈیٹر جو جنرل سیکرٹری شری پران ناتھ شستر جنرل سیکرٹری کشمیری پنڈت سبھا کی ہمراہی میں آئے تھے نے کہا مجھے کچھ عرض کرنا ہے "کہ شری مہاراج کرشن کول خود ساختہ ڈاکٹر آج کوئی 5 بجے ہمارے چھتر کے پاس پہونچے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بدری ناتھ بھان سے کہہ دیں کہ ہم لوگ 15 اپریل کو سبھا پر میٹنگ کریں گے۔ ہم آئین پیش کریں گے۔ ہماری یہ میٹنگ کنونشن کی صورت میں ہوگی۔ اور کیا اس بات کو کرنا جائز ہوگا کہ پہلے ویسے ہم نے یہ ارادہ کیا ہوا ہے۔ اس دن ہم نوجوانوں سے حساب لینگے اور پھر سبھا کے تالے کھولیں گے اور دوسری کارروائی کریں گے۔ اس دن کشمیری پنڈت سبھا سے وابستہ بدری ناتھ بھان دفتر کا تالا کھول کر بیٹھیں تو بات بنے گی"

(6) بدری ناتھ بھان نے شری روپ کرشن سے دریافت کرنا چاہا کہ "آپ کو کیسے معلوم ہوا ہے کہ میں آج اس وقت یہاں پر میٹنگ میں موجود ہوں" تو اسکے جواب میں شری پران ناتھ شستر نے کہا "کہ ان سے میں نے کہا ہے"

(7) اسکے بعد صدر میٹنگ اور دوسرے ساتھیوں نے دریافت کرنا چاہا کہ "ہم" سے کیا مراد ہے جو مہاراج کرشن کول نے کہا ہے۔ تو اسکے جواب میں بدری ناتھ بھان نے کہا "مہاراج کرشن کول نام نہاد پربندھک کمیٹی کے جنرل سیکرٹری ہیں" اسی لئے انہوں نے "ہم" کا استعمال کیا ہوا ہے۔

(8) ادھر شری روپ کرشن نے ایک "مانو لاگ" کا کچھ فقرے کہے جو جواہر لال رازدان کے کلام کی ہو بہو نقل سے کچھ کم نہ تھے" اور پھر کہا کہ مہاراج کرشن کول نام نہاد پربندھک کمیٹی کو "پربندھی کمیٹی" کہتے ہیں"

(9) حاضرین نے اس مسئلہ کے بارہ میں یک رائے ہو کر کہا کہ "شری روپ کرشن سے کہا جائے کہ اطلاع ملی ہے غور کیا جائے گا اور جواب اگر مناسب ہو بھیجا جائے گا"

(مسلسل)

(15) اسکے بعد سری کانشی لال کچرو اور سکھن لال رینہ نے کہا کہ روپ کرشن جی سے اور کچھ کہنا سننا ہے تو مہراج ناتھ بھان نے کہا بس اطلاع پہونچا دی باقی اسکے بارہ میں سوچ وچار کیا جائےگا؟ ان الفاظ کو سننے کی دیر تھی کہ سری روپ کرشن سٹیج سے یکایک اٹھ کر جانے لگے اور ان کے پیچھے سری پیران ناتھ شنتو جنرل سیکرٹری بھی اٹھ کر نوٹ بک کے تسمے باندھنے لگے اور فرمانے لگے بس Goodbye میں تو چلا - پھر چند لمحوں میں ایک ہنگام مچ گیا - کئی لوگ دونوں احباب کو پکڑ کر یہاں تک کہ جکڑ کر سٹیج میں داخل ہونے کی کوششوں میں لگے - سری پیران ناتھ شنتو نے ہیرولنٹ کے ساتھ بہت ساری نا شایان باتیں کیں - درحقیقت آپ حالات کی نزاکت سے پوری طرح واقف تھے - مہراج ناتھ بھان نے کہا کہ روایت ہے کہ جس جس صاحب کو مدعو کیا جائے خواہ وہ ممبر ہو کہ نہیں آداب محفل کے تحت وہی شخص سٹیج میں وارد ہو سکتا ہے - کچھ ایسے بھی معاملے ہوتے ہیں جن میں اسکے زنی کرنا اور فیصلہ کرنا سبھی ورکنگ کمیٹی کو ہی ہوا کرتا - اہم مسئلے کا میابی کی منزل تک پہونچنے پر ورکنگ کمیٹی کے سارے افراد کو اعتماد میں لیا جایا کرتا ہے - بعد ازاں دیگر اقدام بھی اٹھایا جا رہا ہے - بہر حال میں اس موقف سے کوئی اتفاق کرے یا نہ کرے میں نے جو عرض کرنا تھا وہ میں نے کیا اور ہاوس کا احترام میرا دھرم ہے"

(11) لیکن بھان - وہ احترام و تقدس جو ہاوس کا ہونا چاہئے تھا ختم - بہانگم دو گز ہر امر جاری رہا - سروشری پیران ناتھ شنتو اور روپ کرشن نو دو گیارہ ہو گئے یہ بھان تو گویا ہاوس کو ہضم ہو گیا تھا - اتنے میں صدر سٹیج بھی اپنی مسند سے ہل اٹھے اور سری راج ناتھ بھان بھی باہر چلے گئے - سری اوتار کرشن ہمزا ان دونوں احباب کو واپس بلانے کے لئے کوشاں رہے - لیکن سری راج ناتھ بھان کے واپس آنے پر دریافت کیا گیا کہ وہ لوگ کہاں چلے گئے تو راج ناتھ جی نے کہا "نکل گئے اور جموں ہی کی طرف چلے گئے" آپ اپنی جگہ پر بیٹھے ہی تھے کہ 2 منٹ بعد سروشری پیران ناتھ شنتو اور روپ کرشن جی واپس تشریف لائے اور اندر پہونچنے پر رد و قدح میں مبتلا ہو گئے - سری روپ کرشن نے جسقدر بھی سوال مہراج ناتھ بھان سے کئے ان کا صفائی اور سچائی کے ساتھ جواب دیا گیا یہاں تک کہ یہ دو احباب مطمئن ہو گئے - مہراج ناتھ بھان نے حلفیہ بیان دیتے ہوئے صدر سٹیج سے اجازت لے کر سری روپ کرشن سے مخاطب ہو کر کہا "5 بجے سری مہاراج کرشن آپ سے چھٹی کر رہے ہیں - یہ بالکل سچی بات ہے. آپکے ہاتھ سمجھانے کا نام زبانی پیغام بھیجا میرا بھی درست ہے ؟ لیکن کیا مجھ کو آپ پر شک کرنے کا کوئی حق ہے کہ جب سری مہاراج کرشن کول جاندہ جی تری اور انوپ کول سری جونی لال ہنگو کی دکان پر ۱۲ بجے بیٹھے تھے اور میں اور سری سکھن لال رینہ دفتر سے نکل کر اس دکان کے سامنے سے گزرے اور انوپ کول نے میری بات بھی [illegible] متعلق تھی اور مہاراج کرشن کول اور جاندہ کرشن نے ہم کو دیکھا بھی - تو کیا وجہ تھی اس شخص نے براہ راست مجھ سے یہ بات نہ کہی اور پیغام کے طور پر روپ کرشن کو استعمال کیا" مجھے تو شک ہے کہ آپ ہی نہ ہوں ان کے ایجنٹ کی حیثیت سے کام کرتے ہوں اور ہماری سٹیج کے معاملات سے ان کو آگاہ کرنے کے مشن پر بھیجے گئے ہوں - کیونکہ آپ متعدد بار ہماری ورکنگ کمیٹی کی بیٹھکوں میں شرکت سے عاری رہے اور اکثر و بیشتر سماج دشمنوں اور برادری دشمنوں کے کیمپ میں گھومتے رہے ؟" ان حقیر الفاظ کو سننے کے بعد ہاوس نے مہراج ناتھ بھان کے حلفیہ کو درست مان لیا - اور اسی دوران سری روپ کرشن کی اصلیت جو مبنی بر حقیقت تھی سامنے آگئی اور معاملہ صاف ہو گیا ۔

(12) مگر میں مانتا ہوں تو جانتا ہوں کہ اس واقعہ کو رپورٹ میں شامل نہ کروں لیکن دہی اس اتنا تو کیا کروں جو کچھ کہہ رہی ہے کہ ادیب لوگ غداری کو ایمان نہیں بناتے - لہذا میں معذرت کے ساتھ بیان کرتا ہوں کہ یہ سبھی الفاظ حرف بحرف مہراج ناتھ بھان کی زبان سے نکلے ہوئے ہیں

(13) "سروشری پیران ناتھ شنتو اور روپ کرشن کے سٹیج سے اٹھ کر چلے جانے اور واپس آجانے کے کوئی 7 منٹوں میں نوٹ بک میں کیا کچھ دیکھا ہوا وہ پوشیدہ ہے - مذکورہ صدر دو احباب نکل تو گئے - تلاشی بھی ان کی جاری رہی لیکن مقام افسوس ہے کہ سری موہن لال کول نے کتنے ہنگامی یا حیرانی اپنے ماحول کو ختم دے دیا - آپ نے کہا کہ ہر کسی ممبر کو سٹیج میں آنا ہوتا ہے - اسمیں بلانے نہ بلانے کی کوئی بات نہیں ہوتی - اور دیگر مہراج ناتھ بھان کا خیال ہے کہ وہ ایسا کرنے کا حق رکھتے ہیں وہ انتہائی بھول میں ہیں اور سماج کی کارروائی رجسٹر کو میں اسطرح سرے سے ہی رد کرتا ہوں - اسکے بعد انہوں نے گلا پھاڑ پھاڑ کر 120 میل کی رفتار میں بولتے رہے جس کا سننا نہ سننا یا یاد رکھنا آسان کام نہ تھا اور اسکے ساتھ ہی انہوں نے کارروائی رجسٹر اٹھا کر زبردست حالت میں زمین پر اسطرح پھینک دی کہ جیسے منہ پر طمانچہ رسید کرنے کے مترادف تھا -

(14) سری موہن لال کول نے سری انوپ کول کی طرح حرکت سرزد کر کے یہ سمجھا کہ ساری ہاوس کا احترام نہ کیا - میرا تو جیون کے میں احترام کے لائق تھا ہی کب ؟

مسلسل 7

(15) اسکے بعد شری سنیہ لتا کول نے کہا ہمیں صحیح طور پر سمجھا گیا ہے؟ لیکن ممبر کو ممبر کا احترام کرنا لازمی ہوتا ہے۔ کسی وقت غلط فہمیاں بھی ہوتی ہیں مگر موقع و محل کی مناسبت سے اُن کی طرف دھیان دیا جانا ضروری بھی ہوتا ہے۔ بات صرف سمجھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ جلد بازی سے فیصلہ کرنا یا ناراضگی کا اظہار کرنا ہم لوگوں کو جچتا نہیں۔

(16) اور پھر صدر سوڑ پنڈت کاشی ناتھ کول نے کہا کہ اگر وہ لوگ یعنی نام نہاد پربندھک کمیٹی والے بقول مہاراج کرشن [illegible] بلا ہی لینگے اور آئین پیش کرینگے تو اُس حال میں سبھا کی پوزیشن کیا رہے گی۔ اسکے جواب میں شری سنیہ لتا کول نے کہا "اگر ہم آئین کے بارہ میں بحث کرینگے تو کورٹ میں چل رہے مقدمہ کی توہین کیا رہے گی - عدالت کے حالیہ فیصلہ کے مطابق ہم دوسروں کو کوئی جبر نہیں کر سکتے کیونکہ وہ جوں کی توں حالت برقرار ہوگی - اور توہین عدالت کا پہلو بھی نکل سکتا ہے۔ برادری اگر کچھ کرنا چاہتی ہے وہ آزاد ہے کچھ بھی اپنے مفاد میں کرے - کیونکہ عدالت میں چل رہے مقدمہ میں برادری کوئی فریق نہیں ہے۔ اور ہاں اگر دس آدمی بیٹھ کر سر راہ یا گھر میں یا کسی کوچہ میں آئین کو منظور یا دیگر پاس کر دینگے تو وہ کوئی معنی نہیں رکھے گا۔ آئین وہی پاس ہوا ہوگا جو صدر سبھا نے برادری کی اصلاح اور مطالبہ مطابق [illegible] صنوبری 1968 کو جاری کیا ہوا ہے۔ اور دوسرا کوئی ترتیب دیا ہوا آئین ہرگز ہرگز آئین سمجھا نہیں جائے گا۔ اور اسطرح چونکہ عدالت میں کیس چل رہا ہے۔ ہماری پوزیشن مضبوط ہے اور ان حالات میں پریشان ہونے کی چنداں ضرورت نہیں۔

(17) اسکے بعد شری روپ کرشن نے کہا "ملاقات وہ 15 اپریل کو کونشن بلا رہے ہیں۔ اسلئے کہ نئے اُسی نام نہاد پربندھک کمیٹی کے دو افراد نے مل کر کشمیری پنڈت سبھا اور اُسکے صدر کے خلاف درخواست دیدی ہے اور ہم یعنی سبھا والے وقتی کوئی قدم نہیں اُٹھا سکتے۔ تو جیب مہاراج کرشن کول نے کہا کہ دفتر کھول دیا جائے تاکہ وہ لوگ نوجوانوں سے حساب کتاب طلب کرکے اُن کو کالعدم قرار دیں۔ پھر بھی باور کرانے کی بات نہیں کہ سبھا والوں کا اپنی مرضی کے مطابق دفتر کھول دینے پر ہی وہ اسلئے کا مقدمہ واپس لے لینگے +

(18) شری روپ کرشن کے بعد سوری ناتھ بھان نے کہا "ہمیں اعتبار کسطرح اُن کی عقلوں پر آئے گا کہ جو ہماری نظروں میں مشکوک ترین اور برادری کی آنکھ میں [illegible] ہوئے ہیں۔ وہ مقابلہ دفتر پر قبضہ جمانا چاہتے ہیں۔ حالانکہ اُس دفتر کے تالوں کا ایک ہی درجہ ہونے کے بارہ میں سبھا والے ہرگز ہرگز یقین نہیں کر سکتے + پہلے دفتر سبھا کے دو تالے تھے۔ پھر چاند کرشن نے کہا تو وہاں عدالت کے دائرہ میں آکر اپنا ایک اور تالا چڑھا دیا۔ کچھ دن کے بعد دفتر سبھا کا ایک تالا اصل جگہ سے ہٹایا ہوا دیکھا گیا۔ اسطرح دفتر میں موجود ریکارڈ اور دیگر ضروری اشیاء کے محفوظ ہونے کا خدشہ لاحق ہی رہا ہے۔

(19) شری اوتار کرشن مرزا نے کہا "چلئے ہم اُنکا یعنی نام نہاد پربندھک کمیٹی کے جھوٹ کو سچ جان کر اور اُنکی اصلاح کو دعوت تسلیم کرکے اُنکے ہی سبھا پر جاکر تمام نمبروں پر اپنے تالے کیوں نہ چڑھا دیتے۔" اسکے جواب میں شری مکھن لال [illegible] نے کہا "ہم ہرگز نہیں! ہم ویسا خود بھی کر سکتے ہیں کیونکہ ہماری پوزیشن آئینی ہے۔ ہم اُن مرغوں کی باتوں کے قائل نہیں بن سکتے۔"

(20) شری ہیرا ناتھ مشتو نے کہا "اُن پربندھک والوں کے ارادے نیک معلوم نہیں دیتے۔ کیا ہم اُس قسم کی دعوت پر عمل کر سکتے ہیں۔ میرے خیال میں ہمیں اُس کی یعنی مہاراج کرشن کی اہلیت کو سمجھتے ہوئے کوئی کارروائی نہیں کرنی چاہئے۔

(21) شری شمبھو ناتھ گنجو نے کہا "اُن کی دعوت پر ہم اپنا دفتر کیوں کھولدیں۔ ہم حال میں بیٹھنے اگر ہمیں جانا ہی ہوگا تو وہاں پر جو بھی کوئی بات ہوگی اُسکو دیکھا جائے گا۔ سر دست پہلی کی گنجائش نہیں +

(22) شری روپ کرشن نے مکرر آگاہ کیا۔ کل یعنی 9 اپریل کو شری چاند کرشن اور کوئی کاکاجی ولد نامعلوم جو شری پی این کول کا رشتہ دار بتایا جاتا ہے سبھا پر آئے۔ چاند کرشن کے ساتھ مہاتمہ برادری کے چند افراد بھی ساتھ تھے۔ ان سبھوں نے زبردست شراب پی رکھی تھی۔ اور یہاں وہ نام نہاد پربندھک کمیٹی والے جنہیں برابر غیر جانبدار سمجھتے ہیں۔

(23) شری سنیہ لتا کول نے کہا "روپ کرشن جی اُن نام نہاد پربندھک کمیٹی والوں سے جاکر ملیں اور جو بات تحریری طور پر لکھوا کر لائیں تاکہ مناسب غور ہو۔ زبانی باتیں پالیسی ترتیب دینے میں حائل ہوتی ہیں۔

مسلسل -

مسٹر روپ کرشن نے مزید انکشاف کیا کہ تالاب تیو کے ایک ہوئے دو آدمی جو بظاہر نام نہاد پربندھک کمیٹی کے ممبران تھے آپس میں لڑتے رہے۔ وہ گالیاں نکال رہے تھے اور مسٹر جانکی ناتھ کرشن سے یہ کہہ رہے تھے کہ آپ خود ہی من مانی کرتے ہوئے پنڈت جگن ناتھ بٹ سے ملاقاتیں کرتے ہیں اور ان کے پاس مشورہ کرتے رہتے ہیں۔ یہ بالکل غلط بات ہے۔ آپ کو کمیٹی سے اجازت لے کر ہی کوئی کام کرنا چاہئے بصورت دیگر یہ آپ کے بے اعتبار اور ایمنٹ ہونے کا بین ثبوت ہوگا۔ اسکے بعد مسٹر روپ کرشن جی نے کہا "مسٹر اشوک کو سبھا کے حق میں پیچھے۔ پنڈت جگن ناتھ بٹ پر مکمل اعتماد کا اظہار فرمایا۔ جو کہ ان کی شخصیت کی صفات ہے۔ وہ غلطیوں کا شکار بنایا گیا بذات خود وہ صدق دل ہے۔ لیکن اسکے برعکس جو نہایت باطل واہیات آدمی ہے۔ وہ بے ضمیر ہے۔ اگر یہ ہے کہ دو تین افراد سبھا سے نکال دئے جائیں تو ہم اتفاق کر سکتے ہیں۔

24 صدر میٹنگ پنڈت کاشی ناتھ کول نے رائے ظاہر کی کہ یہ ہرج ہی کیا ہوگا جو ہم دو تین افراد کو ان پربندھکیوں سے ملنے کے لئے مجبور ہوں۔ لہٰذا اور ان کے مشورہ کے ساتھ مسٹر مکھن لال ریڈیو نے اتفاق کیا لیکن اہم حتمی رائے قائم کی جانے والی نہ تھی۔

25 مسٹر موہن لال کول نے اپنا مشورہ دینا چاہا اور ساتھ ہی صدر میٹنگ سے درخواست کی کہ میری باتیں کارروائی میں درج نہ کی جائیں۔" جو کچھ کول صاحب نے کہا وہ ابھی ابتداء ہی تھی کہ کمرہ میٹنگ میں مسٹر سوشیل بخشی اور مسٹر وتل ڈوگرہ اور دو افراد داخل ہوگئے۔ یہ چاروں افراد نوجوان پارٹی سے تعلق رکھتے تھے۔ جو پروگرام کے دیباچہ مقرر کئے گئے تھے۔

26 یہ لوگ غالباً مسٹر راج ناتھ بھان سے ملنے آئے تھے اور ان حالات میں مسٹر اوتار کرشن مرزا کے مکان میں داخل ہوکر کمرہ میٹنگ میں داخل ہوگئے۔ ان احباب کا کمرہ میٹنگ میں داخل ہونا اول تو آداب محفل کے خلاف تھا۔ ان کو چاہئے تھا کہ شخص مذکور کو باہر طلب کرتے اور بعد میں بہ اجازت صدر میٹنگ اندر آتے اگر مناسب تھا۔ علاوہ ازیں دیگر ان کو میٹنگ سے دور بہت دور رہنا چاہئے تھا۔

27 بہر حال ان کا حاضر آنا نیک فال سمجھا گیا کیونکہ یہ لوگ سبھا اور برادری کے مفاد میں بھی سرگرداں پھر رہے تھے۔ ان لوگوں نے سبھا سے متعلق کچھ باتیں کیں جن کا نوٹ کرنا قبل از وقت کارروائی اور تعصب کے مترادف ہوگا۔ البتہ صدر میٹنگ نے ان کے کسی سوال کے جواب میں کہا" ہم بھی پورا سہیوگ پردھان کریں گے۔ کیونکہ ہم کسی گروپ کا نہیں بلکہ جاتی کا ہاتی کے ہت میں ہے۔ اپنی خیالات کا اظہار پنڈت سید سنگھ کول نے بھی کیا۔

28 مسٹر راج ناتھ بھان نے ہون سے متعلق سامگری وغیرہ کے بارہ میں دریافت کیا تو مسٹر سنیل بخشی نے اثبات میں جواب دیا۔ مسٹر سنیل بخشی نے عاجزی سے کہا "آپ لوگ جانتے ہیں کہ ہم ایسے دھارمک معاملہ میں تھوڑے ہیں۔ کوئی خاص واقفیت نہیں رکھتے۔ ہمیں آپ بزرگوں کے آشیرواد کی ضرورت ہے۔ اپنے بیان کو جاری رکھتے ہوئے مسٹر سنیل بخشی نے کہا "ہمیں بہت خوشی ہوئی ہے کہ کشمیری پنڈت سبھا کی ایگزیکیٹو دل کھول کر برادری کے مسئلوں پر بحث کر کے (اتفاق) فیصلہ کرتے ہیں۔" آپ لوگوں کو دیکھ کر دل خوش ہوا۔ ہمیں آپ لوگوں کی حمایت کی ضرورت ہے تا کہ ہم اپنے پروگرام میں کامیاب ہوں۔ ہم دوسرے دھڑے میں ایک دوتا ورف اور رابطہ وضبط نہیں دیکھتے۔ ان میں چاند کرشن اکثر شراب حالت میں ہوتا ہے۔ ہم اسکو کیوں برداشت کرتے ہیں یہ ہم ہون کے بعد آپ لوگوں کو بتلا دینگے۔

29 اسکے بعد مسٹر مکھن لال ریڈیو نے مسٹر سنیل بخشی سے دریافت کیا کہ ڈائریکٹری میں لکھے ہوئے پوسٹر کے بارہ میں آپ کے کیا خیالات ہیں؟ تو بخشی جی نے جواب دیا۔ اول تو اس پوسٹر میں غلط کوئی بات نہیں ہے

مسلسل۔

اُس میں سبھا کی طرف سے پروگرام کا پراپیگنڈہ درج تھا۔ لوگ اُس سے پنڈت برادری کے پروگرام سے باخبر بھی ہو چکے تھے اور ~~متفرق~~ متفق تھے۔ آپکے اس بیان کو سرودشری سیتہ نند کول اور مہبوری ناتھ بھان نے یکسر رد کر دیا اور کہا آپنے کبھی اُس پوسٹر کو غالباً پڑھا نہیں ہے۔ اُسمیں 13 اپریل 1981ء کو صدر کے چناؤ کا ذکر موجود ہے۔ اور پروگرام سمجھانے کے بارہ میں غلط اوقات درج کئے گئے ہیں" اسپر شری سنیل بخشی نے معافی مانگ لی۔

اور اسی دوران میں پہنچے مہوری ناتھ بھان نے سیشن بحث کا تردیدی بیان جو انگریزی اشتہاری صورت میں چھپ گیا تھا پیش کیا۔ اُس کو پڑھکر شری سنیل بخشی نے کہا "بہتر ہوتا کہ آپ اسکو دیواروں پر نہ چپکاتے یا نہ تقسیم کرتے۔ اس سے نیا ~~غلط~~ غلط فہمی کا مسئلہ ہو سکتا ہے۔ کیونکہ سابقہ انگریزی پوسٹر سبھا والوں کے بغیر کسی کو معلوم نہ ہوا ہوتا اور اس اشتہار کے منظرِ عام پر آنے سے دوسرے ہندو لوگوں میں ہماری باہمی رنجش کی علمیت ہو گی۔ اور یہ بہتر ہوا اگر پڑے گا۔ موقع پر فیصلہ کیا گیا کہ اس اشتہار کو مجد میں تقسیم کریں اور بخشی کا بیان بیان تقسیم کی گئی ہیں اُن کو واپس لے لیں۔ اتنے میں سرودشری مکھن لال رینہ اور رگھو ناتھ لال کول نے کہا کہ جو کاپیاں پہلے ہی تقسیم ہو چکی ہیں اُن کو کیسے واپس لے لیں۔ اسکے جواب میں مہبوری ناتھ بھان نے کہا کہ کوئی 20-30 کاپیاں ہی باہر گئی ہیں۔ کوشش کی جائیگی کہ وہ لوگوں تک نہ پہونچیں۔ مجد میں یہ تقسیم ہی ہو کوئی مضائقہ نہیں۔

(30) آخر میں شری سنیل بخشی اور اُسکے دیگر ساتھیوں نے کہا کہ ہم کوشش میں تھے کہ آئین ہون کے روز ہی عوام کی منظوری پائے۔ کیونکہ لوگ جمع ہو گئے تھے اُن سے گذارش کی جائیگی کہ آئین منظور کرکے لاگو کرنے کا اعلان کریں۔ چونکہ جمع شدہ لوگ جنرل ہاوس کے عکاس ہونگے اور اُن کی منظوری آئین کے پاس ہونے میں ضروری ہے۔ اور چونکہ اس آئین کو برادری کی کئی برگزیدہ ہستیوں نے پہلے ہی تسلیم کرکے اپنی چھاپ سے نوازا ہے۔ تو اسکو لاگو کرنے میں چنداں اڑچن نہیں ہونی چاہئے۔

(31) اسکے جواب میں بتایا گیا کہ ہر کوشش برادری سے مورخہ 12 اپریل 1981 کو سبھا کے آئین کو منظوری سے ہمکنار کیا جا رہا تھا۔ اسکے بعد مہبوری ناتھ بھان نے شری سنیل بخشی سے مخاطب ہو کر کہا "آپ آئین کے نفاذ کا اہتمام کریں۔ ہم سبھی لوگ ساتھ ہونگے کیونکہ تمام برادری اور سبھا کی ایک دیرینہ خواہش پوری ہوگی۔ اور ساتھ ہی ساتھ چناؤ کی تاریخ کا اعلان بھی کریں جو زیادہ سے زیادہ 3 ہفتے تک ہونی چاہئے۔

(32) اگلی میٹنگ کی تاریخ ~~اسکے بعد~~ مقرر کئے بنا میٹنگ برخاست کی گئی۔ اور صدر میٹنگ اور حاضرین کا شکریہ ادا کیا گیا۔

یہ سارا پروگرام جو میٹنگ کا رہا کوئی 4 گھنٹوں میں تکمیل پذیر ہوا

(33) میٹنگ کے دوران ~~[illegible]~~ شری اوتار کرشن مرزا نے تمام حاضرین کو پُر تکلف چائے کی پیالی سے نوازا تھا۔ جسکے لئے اُن کا شکریہ ادا کیا گیا۔

17/4/81

Convenor 19/4/81

نوٹس

کشمیری پنڈت سبھا کی ایگزیکٹو کی میٹنگ بمقام جموں میٹنگ شری ملکھن لال رینہ کے دولت کدے پر مورخہ ۱۷ اپریل ۱۹۸۱ء بروز جمعہ کو شام کے ۵ بجے منعقد ہوگی اور تمام ممبر صاحبان سے درخواست ہے کہ وہ وقت مقررہ پر تشریف لاکر طے شدہ ایجنڈا پر غور کریں۔

ایجنڈا Agenda

1. موجودہ حالات کے پیش نظر سبھا کے مستقبل کو سنوارنے پر وچار۔
2. آئین کو نافذ کرنے کے لئے کئے جانے والے اقدامات پر وچار
3. کنوینر کشمیری پنڈت سنگھرش سمیتی کی چٹھی جو صدر سبھا کے نام تحریر کی گئی ہے پر غور
4. دیگر امور براجازت صدر

[signature] 15/4/81
Convenor

کشمیری پنڈت سبھا امپھلا جموں

17-4-81

حسب فیصلہ کشمیری پنڈت سبھا کی مجلس عاملہ کی میٹنگ جموں میٹنگ جناب شنکر ناتھ بٹ کی صدارت میں شری ملکھن لال رینہ [illegible] کے دولت کدے پر منعقد ہو رہی ہے۔ لہٰذا کاروائی شروع کرنے سے پہلے ممبر صاحبان اپنے اپنے دستخط ثبت فرمائیں۔

دستخط (حاضری) हस्ताक्षर

1. [signature]
2. J.N. [signature]
3. [signature]
4. [signature]
5. Chuni Lal
6. [signature]
7. M.L. Raina
8. [signature]
9. [signature]
10. [signature]
11. [signature]
12. [signature]
13. [signature]
14. [signature]
15. [signature]
16. [signature]
17. [signature]
18. [signature]
19. [signature]
20. [signature]
21.
22.

Jagan Nath [signature]
صدر میٹنگ
[signature] 17/4
ناظم میٹنگ
[signature]

غیر معمولی میٹنگ

17-4-1981

صدرِ محترم اور معزز حاضرین - سابقہ میٹنگ کی تفصیل آپ لوگوں نے سن لی۔ 11/4/81 کو کیا ہوتا ہے وہ آپ لوگوں کے نوٹس میں لانا ضروری سمجھتا ہے۔ شام کے کوئی 7 بجے سرو شری سید کنٹھ کول اور پیران ناتھ شستو جنرل سیکریٹری کشمیری پنڈت سبھا شری مکھن لال رینہ کے گھر پر تشریف لے آئے۔ سرو شری رتن لال کول اور چونی لال ہنگو پہلے ہی وہاں پر موجود تھے۔ شری بدری ناتھ جی بھان شری رینہ کے بہنوئی صاحب کے بازو میں بات چیت کرکے فارغ ہو چکے تھے۔

شری سید کنٹھ کول نے دریافت کرنا چاہا کہ آپ لوگ سبھا پر آئے نہیں جبکہ ہون کی تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں۔ اسکی وجہ کیا ہے۔ تو ان دونوں نے اپنا اپنا کارن بتلایا اور وعدہ کیا کہ صبح یعنی 12 اپریل کو ضرور بالضرور حاضر رہیں گے کیونکہ یہ جاتی کلیان کا ہون ہے۔ اسکے بعد شری سید کنٹھ کول سے ان دونوں کی بہت ساری باتیں ہوئیں۔ اسکے بعد شری سید کنٹھ کول نے کہا کہ کل 12 اپریل کو یقیناً ہون پر حاضری اچھی ہوگی جسکا فائدہ اٹھا کر ہون کے دوران شری سنیل بخشی جی آئین سبھا کی منظوری کی اپیل کرینگے لیکن ایسا کرنے کے لئے پنڈت جگن ناتھ بٹ صدر سبھا کا برادری کے نام اپیل ساتھ ہونی چاہئے۔ چنانچہ شری بدری ناتھ جی بھان نے اس بات سے اتفاق کیا اور کہا کہ ہم صبح کے 10 بجے 12 اپریل کو سبھا کے صدر پنڈت جگن ناتھ بٹ کی دستخط شدہ اپیل لے کر آئیں گے۔ اور شری سنیل بخشی اور اسکے ساتھیوں کا اطمینان کرائیں گے۔ کیونکہ ہم چاہتے ہیں کہ برادری کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے آئین کو پاس کرائیں اور پھر جلد از جلد سبھا کی نئی باڈی کا چناؤ عمل میں لائیں۔

12/4/81 کی صبح کو سرو شری مکھن لال رینہ اور بدری ناتھ بھان پنڈت جگن ناتھ بٹ سے دستخط شدہ مذکورہ اپیل حاصل کرنے میں کامیاب ہو کر صاحب وغیرہ سبھا پر کوئی پونے 10 بجے پہنچے۔ پنڈت سید کنٹھ کول ¼11 بجے تک سبھا پر حاضر نہ آئے تھے۔ اتنے میں شری پیران ناتھ شستو تشریف لائے اور انہوں نے کہا "کل رات کو ہم دونوں (پنڈت سید کنٹھ اور پیران ناتھ شستو) سبھا پر پہنچ گئے تھے اور ہم لوگ 11 بجے رات تک بیٹھے رہے! شری سنیل بخشی نے ہم سے کہا کہ آئین ہر لحاظ کا صورت میں ہے اسمیں تبدیلیاں کرنے کی ضرورت ہے اسلئے یہ آئین ~~[illegible]~~ 12 اپریل کو پاس نہ ہو سکے گا نہ ہم اس کے پاس کرنے کی اپیل کر سکیں گے چنانچہ اسطرح وہ اپیل جو پنڈت صاحب پنڈت جگن ناتھ بٹ نے تحریر فرمائی تھی پیش کرنے کا خیال ترک کیا گیا۔

صدر سبھا نے جو اپیل تحریر کی تھی اُسکا مضمون اسطرح تھا۔

اپیل - "میں ~~پنڈت~~ جگن ناتھ بٹ پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا جموں درخواست کرتا ہوں کہ برادری اپنی ~~[illegible]~~ دیرینہ خواہش کے پیشِ نظر سبھا کی جانب سے جاری کردہ نیا تشکیل شدہ آئین اپنے اور سبھا کے مفاد میں پاس کر کے جلد از جلد نئے چناؤ کی تاریخ کا اعلان کروادیں اور یہ چناؤ اندر تین ہفتے ہونے یقینی بنائے جائیں تا کہ نئی منتخب شدہ باڈی سبھا کا کام کاج سنبھال لے۔

تحریرا لصدر 12 اپریل 1981ء

دستخط بحروف انگریزی
جگن ناتھ بٹ
پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا جموں

(یاد رہے کہ اس سے پہلے بھی صدر سبھا نوریہ کے روز ایک اسی قسم کی اپیل کرنا چاہتے تھے لیکن نوجوانوں نے جو سروٹرا ہوم کے انچارج بنائے گئے تھے کے سربراہ شری سنیل بخشی نے ایسا کرنے سے روک دیا۔ اس اپیل کا مضمون بھی آپ لوگوں کے ملاحظہ کرنے کے لئے نیچے درج کیا جاتا ہے)

(الٹے پر)

کشمیری پنڈت برادری کے نام اپیل۔

آپ لوگ جانتے ہیں کہ میں کافی عرصہ سے کشمیری پنڈت سبھا کے انتظام سے وابستہ چلا آرہا ہوں۔ میں یہ وثوق سے کہتا ہوں کہ ہماری عظیم برادری میں یہ احساس بری طرح پایا جاتا ہے کہ بغیر ایک صحت مند آئین کے سبھا کے کام کاج اچھے ڈھنگ سے نہیں چل رہے ہیں۔ اس لئے میری دلی تمنا ہے کہ نئے سرے سے ترتیب دیا ہوا ہمارا آئین جو آپ لوگوں کی خدمت میں پیش کیا گیا ہے کو لاگو کرکے فقط جمہوری ڈھنگ سے الیکشن کروا کر مجھے اس دیرینہ ذمہ داری سے فارغ کریں۔ کوئی وجوہات نہیں کہ جناں کی بنا پر کشمیری پنڈت سبھا جیسا کا نظام جمہوری طریقوں سے صحیح ہاتھوں میں دینا ضروری بن چکا ہے، اور میں اپنے عمل کا خود ذمہ دار ہوں۔ تحریر 5 اپریل 1981 دستخط پروف ریڈر

جگن ناتھ بٹ۔ پریزیڈنٹ کشمیری پنڈت سبھا جموں۔

شری پران ناتھ مشتو نے انکشاف کیا کہ نوجوان لوگ اپنے وعدوں سے ہر قدم پر مکر رہے ہیں اور وہ ہر چند گھنٹوں کے بعد اپنی زبان بدل دیتے ہیں اور اسکے علاوہ اپنا موقف بدلتے رہتے ہیں۔ ان پر بھروسہ کرنا غلط ہوگا۔

کوئی پونے دس بجے شری نیلہ کنٹھ کول سبھا پر تشریف لے آئے۔ اُن سے مہاراج ناتھ بھان اور مکھن لال رینہ کی بات ہوئی۔ اور آخر میں کول صاحب سے کہا گیا کہ "لڑکے صدق دل ہیں اُن کو اپنے اعتماد میں لیا تھا اور ہم نے سپورٹ دینے کا بھروسہ دلایا تھا۔ ہم نے اُن کی خرمستیوں کو نیک نہیں کیا تھا۔ وہ خود ہی اپنے غلط کارناموں کو پانی کے بغیر ہلاک کر رہے ہیں۔ اور وہ اپنے مستقبل کو بخود خراب بنا رہے ہیں یہ ہمارا یقین ہے۔" اسکے بعد سرور شری مہاراج ناتھ بھان اور مکھن لال سبھا کا احاطہ چھوڑ کر چلے آئے۔

